# چہار قُل

## مُشکلات کا حل



# ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ نے مقدّس کتاب قرآن حکیم اپنے پیارے محبُوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی۔ یہ کتاب ہدایت ہے انسانوں کے لیے شفا کا باعث ہے بیماریوں کے لیے۔ قرآن مجید کی آیاتِ مُبارکہ کو پڑھنا بے شمار برکت کا باعث ہے۔ اس کی بہت سی سُورتیں مشکلات کے حل کے ضمن میں فائدہ پہنچاتی ہیں سورۃ کافرون کو بکثرت پڑھنے والا بہت سی برائیوں سے بچا رہتا ہے اور اس کا خاتمہ بالایمان ہوتا ہے پروردگارِ عالم اس کو عبادت کی رغبت اور توفیق عطا فرماتا ہے۔ سورۃ اخلاص ہر طرح کی جائز حاجت روائی کے لیے بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔ ہر طرح کی مشکل و پریشانی اس کے پڑھنے سے دُور ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم اور سورۃ اخلاص کی برکت و وسیلہ جمیلہ سے بیماروں کو شفا عطا فرماتا ہے بے اولادوں کو نیک اور صالح اولاد سے نوازتا ہے۔ سورۃ فلق ہر طرح کے آسیب کو دُور کرنے کے لیے بہت خوب ہے کیسی ہی مصیبت یا مشکل ہو سورۃ فلق کو پڑھ کر اس کے وسیلہ جمیلہ سے بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگی جائے تو دُعا قبولیت کا شرف حاصل کرتی ہے اور مشکل حل ہو جاتی ہے اس سورۃ کو بکثرت پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ



اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے۔ سورۃ فلق کے بارے میں حضور نبی کریم علیہ الصّلوٰۃ والسلام کا ارشاد مبارک ہے کہ سورۃ فلق سے بہتر کوئی دُعا پناہ کے متعلق نہیں ہے۔ یعنی جو کوئی یہ چاہے کہ وہ شرِ شیطان سے محفوظ رہے ہر طرح کے آسیب وغیرہ سے بچا رہے تو وہ سورۃ فلق پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اُسکو اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ سورۃ ناس بھی ہر طرح کے جادو ٹونے اور آسیب وغیرہ کو دفع کرنے کے لیے نہایت تیر بہدف ہے بہت سے امراض کا شافی علاج اس میں مُضمر ہے بہت سی پریشانیوں اور مشکلات کا حل اس کو پڑھنے سے ہوتا ہے غرضیکہ چاروں قُل شریف اپنے اندر بے شمار شفائی و حل المشکلات خواص و اثرات رکھتے ہیں

چاروں قل شریف نہ صرف اس دنیاوی زندگی میں بندے کو فائدہ پہنچاتے اور مشکلات کو حل کرنے کے لیے مؤثر ہیں بلکہ ان کے پڑھنے سے آخرت کی مشکلات بھی حل ہوتی ہیں یہی وجہ ہے کہ جب کوئی مسلمان انتقال کر جاتا ہے تو اس کی مغفرت کی دُعا کرنے سے پہلے سورۃ اخلاص بھی ضرور پڑھی جاتی ہے۔

چاروں قُل شریف کے انہی خواص و اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو ایک کتابی شکل میں یکجا کر دیا گیا ہے تاکہ ہر کوئی اپنی مشکل اور پریشانی کو دُور کرنے کی غرض سے بہتر طور پر فائدہ حاصل کر سکے زیرِ نظر کتاب میں اولیائے کرام، علمائے کرام اور

دیگر بندوں کے اُن اعمال و وظائف کا بیان کیا گیا ہے جو چاروں قل شریف کے حوالے سے نہایت مجرب و آزمودہ ہیں اور جس کو جس طرح سے فائدہ پہنچا مشکل و پریشانی رفع ہوئی اُسی کیمطابق اس عمل کو پیش کر دیا گیا ہے۔ بلاشبہ سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس ہر طرح کی بیماری کو دُور کرنے، پریشانی اور مشکل کو حل کرنے کیلئے بہت ہی خوب ہے۔

اِس کتاب کا مطالعہ انسانوں کے لیے عظیم فائدے کا باعث ہے اپنی اور دوسروں کی پریشانیاں و مشکلات اس سے حل کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہ دنیا پریشانیوں اور مشکلات کا گھر ہے نفسا نفسی کے اس دَور میں کوئی گھرانہ ایسا نہیں کہ جہاں پر کوئی نہ کوئی مشکل و پریشانی نے اپنے پنجے نہ گاڑے ہوں ایسے میں یہ کتاب ہر گھر کی لازمی ضرورت اور مشکلات کو دُور کرنے کے ضمن میں ایک بہترین وسیلہ ہے۔ پروردگارِ عالم سے دُعا ہے کہ وہ ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے.... آمین

محمد الیاس عادل



# سُورَةُ الْكٰفِرُوْنَ

سُورۃ الکافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝١ لَاۤ اَعْبُدُ مَا

تم فرماؤ اے کافرو: نہ مَیں پُوجتا ہوں جو

تَعْبُدُوْنَ ۝٢ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ

تم پُوجتے ہو اور نہ تم پُوجتے ہو

مَاۤ اَعْبُدُ ۝٣ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝٤

جو مَیں پُوجتا ہوں۔ اور نہ مَیں پُوجوں گا جو تم نے پُوجا۔

وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝٥ لَكُمْ

اور نہ تم پُوجو گے جو مَیں پُوجتا ہوں۔ تمھیں

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝٦

تمھارا دین اور مجھے میرا دین۔

# سُورَةُ الْإِخْلَاصِ

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ

نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے

لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

برابر کا کوئی۔



# سُورَةُ الْفَلَقِ

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ

تم فرماؤ میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس کی سب مخلوق

مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾

کے شر سے اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے۔

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَ

اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں۔ اور

مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔

## سُوْرَةُ النَّاسِ

سُورۃ النّاس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بخشنے والا نہایت مہربان ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ

تم فرماؤ میں اُس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا پروردگار، سب لوگوں کا

النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ

بادشاہ، سب لوگوں کا معبود، اُس کے شر سے جو

الْوَسْوَاسِ ۵ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِىْ

دل میں بُرے خطرے ڈالے اور دُبک رہے۔ وہ جو

يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵

لوگوں کے دِلوں میں وسوسہ ڈالتے ہیں،

مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

جنّ اور آدمی۔



# چاروں قُل شریف کے فضائل

قرآن مجید کی دیگر سُورتوں کی طرح سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس بھی بے شمار فضائل وبرکات کی حامل سورتیں ہیں ان کا پڑھنا ان کا سُننا بلاشبہ بہت زیادہ ثواب کا باعث ہے احادیثِ مبارکہ میں ان سورتوں کے فضائل کا بیان کیا گیا ہے اس کے علاوہ بزرگانِ دین اور علماء کرام نے بھی ان سورتوں کے فضائل کے ضمن میں بیان کیا ہے۔ سورۃ اخلاص کی فضیلت کا ذکر کرتے ہوئے ایک حدیث مبارکہ میں یوں آیا ہے کہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تم میں سے کوئی شخص رات کے وقت تہائی قرآن نہیں پڑھ سکتا۔ صحابہ کرام (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نے عرض کیا، یارسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! تہائی قرآن کیسے پڑھا جائے؟ آپ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے فرمایا، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (پوری سورۃ اخلاص) تہائی قرآن کے برابر ہے۔

(مُسلم شریف۔ بخاری شریف)

○

ایک اور حدیث پاک میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ

عجیب آیات ہیں جو آج کی رات نازل کی گئی ہیں ان کے مانند آج تک نہیں دیکھی گئیں وہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ہیں۔ (مسلم شریف)

○

حضرت سہیل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص حضور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور اپنے فقر و فاقہ کی شکایت کی۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ گھر میں داخل ہوتے وقت اپنے بیوی بچوں کو سلام کیا کرو اور اگر بیوی بچے نہ ہوں تو اپنے اوپر سلام کیا کرو اور حضور (علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر سلام بھیج کر سورۃ اخلاص پڑھا کرو۔

○

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ ایک شخص نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میں بڑا گنہگار ہوں مجھے کوئی ایسا عمل ارشاد فرمائیے کہ جس سے میرے گناہ معاف ہو جائیں اور مجھے اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل ہو جائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ تم کثرت سے سورۃ اخلاص پڑھا کرو۔

○



ایک اور حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام رات کو سونے کے وقت سورۃ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر جسمِ اطہر پر پھیرا کرتے تھے۔

○

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے نمازِ مغرب کے بعد بیس رکعتیں پڑھیں اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھی تو اس کے گھر والے بیوی بچے، مال اسباب و ہمسائے ہر آفت سے محفوظ رہیں گے۔ سکراتِ موت میں سہولت ہوگی۔ قیامت کے روز گھبراہٹ سے محفوظ رہے گا اور پُل صراط سے برق کی طرح گزر کر صدیقین کی جماعت کے ساتھ جنت میں داخل ہوگا۔

○

سورۃ اخلاص کی فضیلت کے ضمن میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص نماز مغرب کے بعد اوّابین پڑھے گا اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ اخلاص، تو چھ رکعتیں بارہ برس کی عبادت کے برابر شمار کی جائیں گی۔
حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں ہے کہ

اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دے گا۔

○

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی جُمعہ کی شب کو چھ رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں تین بار سورہ اخلاص پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل سے کینہ اور فسق اور تکبّر دُور کر دے گا۔ (فضائل الاعمال)

○

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی ہفتہ کے دِن چار رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ کافرون پڑھے اور سلام کے بعد ایک بار آیت الکرسی پڑھے تو اللہ تعالیٰ (اس کے نامۂ اعمال میں) ایک برس کی عبادت کا ثواب لکھتا ہے۔ (فضائل اعمال)

○

ایک روایت میں آتا ہے کہ جو کوئی سورۂ اخلاص پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ کو حکم دے گا کہ اس کے لیے جنت میں ایک محل تعمیر کیا جائے سونے اور چاندی کی اینٹوں سے۔ اگر پڑھنے والا سورۂ اخلاص پڑھنے سے رُک جائے



تو فرشتے بھی رُک جائیں اور دیگر فرشتے ان کے پاس سے گزرنے والے ان سے پُوچھیں کہ کس لیے رُک گئے ہو وہ جواب دیں کہ صاحبِ عمارت نے ہمارا نفقہ روک رکھا ہے اس لیے ہم نے بھی عمارت کو روک رکھا ہے جب تک کہ نفقہ نہ پہنچے۔

○

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی ایک کتاب "اتقاق" میں ایک حدیث مبارکہ نقل فرمائی ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب تُو سونے کا ارادہ کرے تو سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھا کر، تو سوائے موت کے ہر چیز سے امن رہے گا۔

○

ایک حدیث میں آتا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی سورۂ کافرون کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو ہر حرف کے بدلے دس نیکیوں کا ثواب عطا فرمائے گا اور شر دیو اور آسیب سے نڈر ہو جائے گا۔

○

سورۂ فلق کی فضیلت کے ضمن میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی اس سورۃ کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ

ہر آیت کے بدلے میں اس کے نامۂ اعمال میں بیس سال کی عبادت کا ثواب لکھے گا اور اس کو صدیقین کا ثواب عطا کرے گا۔

○

سورۃ الناس کی فضیلت کے ضمن میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی اس سورہ کو پڑھے تو گویا اس نے تمام قرآن پڑھا۔

○



# چاروں قُل شریف سے مشکلات کا حل

قرآن پاک کی سورتوں میں سے سورۃ کافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ ناس بھی شفائی اور حل المشکلات خواص و اثرات رکھنے والی سورتیں ہیں۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی ان سورتوں سے بہت سی مشکلات کا حل نکالا ہے۔ اس ضمن میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب کبھی حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام بیمار ہوتے تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر اپنے آپ پر دم کرتے جب درد زیادہ ہوتی تو ئیں پڑھ کر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم مُبارک پر ہاتھ پھیر دیتی۔ (بخاری۔ مسلم)

○

عبدالرزاق نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ سے کچھ حاجت رکھتا ہو تو باوضو حالت میں تنہا مکان میں چار رکعت نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۃ اخلاص، دوسری میں بیس مرتبہ، تیسری میں تیس مرتبہ اور چوتھی رکعت میں

چالیس مرتبہ (سورۂ اخلاص) پڑھے (سلام پھیرنے کے بعد) پچاس مرتبہ سورۂ اخلاص اور ستر مرتبہ لاحول پڑھے اگر اس پر قرضہ ہوگا ادا ہو جائے گا اور جو وطن سے دور ہو اللہ تعالیٰ اسے گھر پہنچائے اور جو آسمان کے (ستاروں) کے برابر گناہ رکھتا ہو اور استغفار کرے اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے اور جو بے اولاد ہو اللہ تعالیٰ اسے اولاد عطا کرے اور جو دعا کرے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے اور جو اللہ تعالیٰ سے دُعا نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتا ہے۔

○

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جسمِ اطہر میں جب کوئی تکلیف اور رنج ہوتا تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معوذتین پڑھتے اور اپنے کف دست کے اوپر دم کر کے اپنے بدن پر ملتے۔

○

مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ایڑی مبارک میں نماز کی حالت میں بچھو نے ڈنک مارا جب آپ فارغ ہوئے تو ایک برتن میں نمک کو حل کر کے انگلی مبارک اس میں ڈال دی اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور معوذتین



پڑھنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ درد جاتا رہا۔

○

جب آندھی چلے تو اس وقت سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھے۔ (ابوداؤد)

○

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ صبح و شام سورۂ فلق اور سورہ ناس پڑھنے سے طاعات و اوامر کی رغبت اور منہیات و معاصی سے نفرت ہو جاتی ہے۔

○

حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ رات کو سوتے وقت بستر پر باوضو حالت میں لیٹے پہلے تین بار درود پاک پڑھے پھر ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھے یہ عمل منگل اور بدھ کی درمیانی رات سے شروع کرے اور سات یوم تک کرے انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح کی جائز مشکلات حل ہو جائیں گی۔

○

حضرت پیر سید جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی دینی و دنیوی امور میں ترقی و بلند مرتبہ کا خواہاں ہو تو وہ روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ پہلے اعوذ باللہ پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے

اس کے بعد قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پھر ایک ہزار مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے پھر لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ تک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے۔

○

حضورؐ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جو کوئی محرم الحرام کا چاند دیکھ کر چار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو یہ بہت افضل اور برکت کا باعث ہے۔

○



## نسیان کا عارضہ

جو کوئی نسیان کے مرض میں مبتلا ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو حافظہ بہت زیادہ کمزور ہو تو اُسکو چاہیے کہ باوضو حالت میں تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ الناس پڑھ کر بادام کی گری یا چنے پر دم کرے اور مریض کو صبح کے وقت کھلائے اور گیارہ یوم تک بلاناغہ اسی طرح کرے بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی نسیان کا عارضہ جاتا رہے گا قوتِ حافظہ خوب مضبوط ہوگی اور جو بات بھی سنے گا عرصہ تک ذہن میں محفوظ رہے گی۔ نہایت آزمودہ و مجرب عمل ہے۔

## استسقاءُ الدماغ

اس مرض میں مبتلا مریض کے سر میں پانی بھر جاتا ہے مریض سخت تکلیف محسوس کرتا ہے اس مرض سے نجات کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں سورۃ اخلاص سالم زبان سے پڑھتا جائے اور مریض کے سر پر اپنا ہاتھ پھیرتا جائے تین بار اسی طرح عمل کرے روزانہ تین مرتبہ عمل کرنے سے اِنشاءاللہ تعالیٰ دن بدن افاقہ ہوگا جب تک مکمل طور پر آرام نہ آجائے روزانہ

یہ عمل کرے پروردگار عالم کے فضل و کرم سے بہت جلد شفا حاصل ہو گی مرض رفع ہو جائے گی صحت کاملہ عطا ہو گی مرض کی تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

## آسیب کے لیے

اگر کسی پر آسیب کا سایہ ہو آسیب بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو باوضو حالت میں سات مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر سرسوں کے تیل پر دم کرے اور مریض کو دے کہ وہ یہ دم کیا ہوا تیل اپنے سارے جسم پر مالش کرے اگر مریض خود مالش نہ کر سکتا ہو تو اس کے گھر کا کوئی فرد جو قریبی عزیز ہو باوضو حالت میں مریض کے تمام جسم پر مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب قریب نہ آئے گا اور دفع ہو جائے گا اس طرح آسیب سے خلاصی مل جائے گی۔

## طحال کا عارضہ

اگر کوئی طحال کے مرض میں مبتلا ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو مریض اتوار کے دن اکیس عدد آک کے پتے اور ایک عدد سرکنڈہ لکڑی لا کر عامل کو دے اور عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ہر پتے پر ایک مرتبہ یہ



پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مَلِکِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ اِلٰہِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ نَاسِ نَاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ نَاسِ نَاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ نَاسِ نَاسِ۔

دم کرنے کے بعد عامل یہ پتا مریض کو دے کہ وہ اس کو مرض کے مقام پر پھیرے پھر جب عامل دوسرا پتا اسی طرح دم کر کے دے تو مریض اس کو بھی مرض کے مقام پر پھیرے اور پہلا پتا سرکنڈہ لکڑی میں چھیدتا جائے اسی طرح اکیسویں پتے تک پڑھ کر دم کرے اور مریض مرض کے مقام پر پھیرے اور سرکنڈہ میں چھیدے۔ اس کے بعد جب یہ عمل تمام ہو جائے تو یہ سرکنڈہ اس جگہ پر جہاں پر کہ مریض سوئے مریض کے سینے اور مرض کے مقابل چھت پر لٹکا دے جیسے جیسے پتے خشک ہوتے جائیں گے مریض صحت یاب ہوتا جائے گا اگر ایک ہفتہ میں آرام نہ آئے تو پھر اگلے ہفتہ اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ تین ہفتوں تک ضرور مرض سے خلاصی مل جائے گی پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## مُشکل کے حل کے لیے

اگر کوئی کسی ایسی مُشکل میں پھنس گیا ہو کہ جس سے خلاصی کی کوئی صورت ممکن دکھائی نہ دیتی ہو یا کسی حاکم یا اعلیٰ افسر کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خوف سر پر سوار ہو گیا ہو اس وجہ سے پریشان رہتا ہو یا کوئی ایسا مرض لاحق ہو گیا ہو کہ علاج کروا کروا کر تنگ آگیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو وہ یا کوئی اور مشکل پیش آئے تو اس کے لیے دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے اور ایک سو مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے پھر دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد معوذتین تین مرتبہ پڑھے اور نماز مکمل کر کے سلام پھیرے اس کے بعد فوری طور پر سجدہ میں جائے اور یہ دُعا پڑھے سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْعِزَّۃَ قَالَ بِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ بِالْمَجْدِ وَتَکَرَّمَ بِہٖ سُبْحَانَ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِہٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا تَنْبَغِ التَّسْبِیْحُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالْمَنِّ سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالتَّکَرُّمِ سُبْحَانَ ذِی الطَّوْلِ وَالْحِکَمِ اَسْئَلُکَ بِمَعَاقِدِ عِزِّکَ وَعَرْشِکَ وَمُنْتَہَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ وَبِاسْمِکَ



الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔ اِس دُعا کو پڑھنے کے بعد سجدہ سے اُٹھے اور پھر ہاتھوں کو پھیلا کر پروردگار عالم سے نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ اپنے مقصد کی دُعا مانگے اِنشاءاللہ ضرور مقصد میں کامیابی ہو گی سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

## نارو کا علاج

اگر کوئی نارو کے مرض میں مبتلا ہو گیا ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں پیاز آگ پر پکائے اور سات مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرے اور تکلیف کی جگہ پر باندھ دے اکیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اِنشاءاللہ تعالیٰ دن بدن افاقہ ہو گا اور آرام آجائے گا۔

## نزلہ وزکام کیلئے

جو کوئی نزلہ وزکام کا شکار ہو گیا ہو آرام نہ آتا ہو اور کسی طرح مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں تین دھاگے اپنے ہاتھ میں پکڑ کر یہ کہے کہ نزلہ

فلاں بن فلاں رابستم اس کے بعد دھاگے میں سات گرہ لگائے پہلی گرہ لگاتے ہوئے تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کرے دوسری گرہ لگاتے ہوئے بھی تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کرے جبکہ تیسری گرہ لگاتے ہوئے بھی تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کرے چوتھی گرہ لگاتے ہوئے سورۃ فلق پڑھے پانچویں گرہ لگاتے ہوئے سورۃ الناس پڑھے اور دم کرے چھٹی گرہ لگاتے ہوئے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے جبکہ ساتویں گرہ لگاتے ہوئے یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ اس کے بعد دھاگے کے دونوں سرے باندھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے نزلہ دور ہو جائے گا اور آرام آجائے گا نہایت آزمودہ و مجرّب عمل ہے۔

## حُب کے لیے

اگر کوئی میاں بیوی آپس میں شدید ناراض ہوں کسی بھی طرح راضی نہ ہوتے ہوں ناچاقی کی وجہ سے گھر میں جھگڑا رہتا ہو یا دو اشخاص کی آپس میں عداوت و دشمنی پیدا ہو گئی ہو کسی غلط فہمی کی بناء پر دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے



خلاف نفرت پیدا ہو گئی ہو اور کوئی چاہتا ہو کہ دونوں کے مابین دوستی ہو جائے ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں تو اسے چاہیے کہ وہ دو رکعت نفل نماز اس نیت کے ساتھ ادا کرے کہ میں نیت کرتا ہوں واسطے اللہ تعالیٰ کے کہ لوں ئیں قلب فلاں بن فلاں کو اپنی دوستی میں اور منہ طرف کعبہ شریف کے۔ اللہ اکبر۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ سورۃ کافرون پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ کے بعد ایک سو مرتبہ سورۃ کافرون پڑھے نماز مکمل کر کے سلام پھیرے اور یہ کہے، حول بردلش لاحولِ بردلش محبت من در دلش مہر من گردلش ہر صبح گاہے منزلش مبادا بے من جائے و مقام و منزل۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہونے کی دعا کرے انشاء اللہ ناراض میاں بیوی راضی ہو جائیں گے ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا ہو جائے گی اسی طرح اگر دو اشخاص کی ناراضگی دور کرنے کی خاطر یہ عمل کیا ہے تو اس میں بھی کامیابی ہو گی دونوں کی باہمی نفرت محبت میں بدل جائے گی غلط فہمی دور ہو جائے گی اور پروردگار عالم ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی محبت پیدا فرما دے گا۔

## قولنج کا مرض

اگر کسی کو قولنج کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو باوضو حالت

میں ایک گلاس پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے، سات مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے، سات مرتبہ سورۃ فلق

پڑھے اور سات مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرے اس کے بعد یہ دُعا سات مرتبہ پڑھے اَعُوْذُ بِوَجْهِ الْعَظِیْمِ وَقُدْرَتِهِ الَّتِیْ لَا تَمْنَعُ مِنْهَا مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْهُ ۔ پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشأ اللہ تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا سات یوم تک بلا ناغہ اسی طرح پانی روزانہ دم کر کے مریض کو پلایا جائے تو بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی ۔

## قبولیت دُعا کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ بارگاہِ الٰہی میں اس کی دُعا قبول ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ اتوار کے دن طلوع آفتاب سے قبل نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر دس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دُعا مانگے اول و آخر دُرود پاک پڑھے اِنشاء اللہ تعالیٰ جو بھی دُعا ہو گی وہ بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوگی اگر کسی مشکل میں ہے تو وہ آسان ہوجائے گی نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے ۔

## مرگی اور ام الصبیان کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ مرگی اور ام الصبیان کا شکار صحت یاب



ہو جائے اور اسے مرگی اور ام الصبیان کے مرض سے نجات مل جائے تو چاہیے کہ ہرن کی کھال کے چھوٹے سے ٹکڑے کو پاک صاف کر کے اس پر باوضو حالت میں باریک قلم کے ساتھ مشک و زعفران سے معوذتین لکھے اور چاندی کے بنے ہوئے تعویز میں ڈال کر مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ عارضہ دُور ہو جائے گا پروردگار عالم شفائے کاملہ سے نوازے گا اور صحت یابی ہو جائے گی ۔

## حاجت روائی کیلئے

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز حاجت ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو اپنے مقصد میں کامیابی کے حصول کی غرض سے باوضو حالت میں پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اس کے بعد تین بار سورۂ فاتحہ پڑھے پھر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ فلق پڑھے پھر تین بار دُرود پاک پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ پھر تین مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے اَسْئَلُكَ پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کا تصوّر دِل میں

رکھے پھر دُرودِ پاک پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ آمین کہے پھر اپنے مقصد کے لیے دُعا مانگے جو بھی جائز حاجت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ پُوری ہو جائے گی۔

## دردِ شقیقہ کے لیے

اگر کوئی دردِ شقیقہ میں مبتلا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ الکافرون دس دفعہ پڑھ کر مریض پر دَم کرے بفضل باری تعالیٰ دردِ شقیقہ ختم ہو جائے گا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

## دشمن کی زبان بندی

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے دشمن اسے کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکیں تو اُسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ سورۂ فلق کی یہ آیت مُبارکہ مِن شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ چاند کے مہینے کی پہلی تاریخ کو پڑھے اور پڑھنے کے بعد دشمن کا تصور کرتے ہوئے زمین پر دستک دے اس عمل کو روزانہ کرے اِنشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بندی ہو جائے گی دشمن وار نہ کر سکے گا اور عامل دشمن کے شر سے بچا رہے گا۔



## فراخیٔ رزق کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق حلال میں خیر و برکت پیدا ہو جائے رزق میں زیادتی و فراخی ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ وہ رجب کے مہینے کی پندرھویں شب کو دس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز مکمل کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے پھر گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں کبھی کمی نہ آئے گی پروردگار عالم رزقِ حلال میں وسعت و فراخی پیدا فرمائے گا۔

## رشتہ کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی یا کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو تو چاہیے کہ سوموار کے دن چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے، دوسری رکعت میں بیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تیسری رکعت میں تیس مرتبہ پڑھے اور چوتھی رکعت میں چالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر جب نماز

مکمل کر کے سلام پھیرے تو نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ستر مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور پچھتر مرتبہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ پڑھے اس کے بعد ستر مرتبہ درُودِ پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی مرتبہ کے عمل سے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد ہی حسبِ منشا جگہ پر رشتہ طے ہو جائے گا اور شادی بھی ہو جائے گی اگر ایک مرتبہ کامیابی کے آثار دکھائی نہ دیں تو پھر اگلی سوموار کو اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات بار یعنی سات سوموار تک ضرور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## شرِ شیطان سے حفاظت

اگر کسی کو شیطانی وساوس بہت زیادہ تنگ کرتے جس کی وجہ سے وہ کافی پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد تیرہ مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الفلق پڑھ لیا کرے اول و آخر تین تین بار درُودِ پاک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شرِ شیطان سے محفوظ رہے گا۔

## ڈبہ اطفال کے لیے

اس مرض سے شفا حاصل کرنے کی غرض سے چاہیے کہ ایک



بالشت کا سر کنڈہ لے کر باوضو حالت میں سورۂ اخلاص، سورۂ کافرون سورۂ۔ سورۂ فلق اور سورۂ ناس تین تین بار پڑھ کر دم کرے اور چھری سے تھوڑا سے کاٹے اس کے بعد پھر اسی طرح کرے یکے بعد دیگرے تین مرتبہ کرے انشاء اللہ تین یوم کے اندر اندر مرض دُور ہو جائے گا۔

## بچے کا بلاوجہ رونا

اگر کوئی بچہ بلاوجہ روتا رہتا ہو اور بڑی مشکل سے چُپ کرتا ہو بلاوجہ تنگ کرتا رہتا ہو ضدی ہو گیا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ چاروں قل شریف پڑھ کر بچے کے جسم پر دم کرے بفضل باری تعالیٰ بچہ بلاوجہ نہ رویا کرے گا اور تنگ بھی نہ کرے گا۔ اس کے علاوہ اگر بچہ بظاہر تندرست ہوتے ہوئے روتا رہتا ہو تو روزانہ نمازِ مغرب کے بعد باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر بچے پر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کی بلاوجہ رونے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

## دشمن سے بچاؤ کے لیے

اگر کوئی دشمن کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو اور چاہتا ہو

کہ دشمن اسے کسی طرح کا نقصان نہ پہنچائے تو اُسے چاہیے کہ وہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات سے روزانہ نماز فجر کے وقت تین مرتبہ یہ پڑھ لیا کرے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تَحَصَّنْتُ سِرِّيْ بِسْمِ اللّٰهِ كَانَتْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَابَهٗ هُمَا الْمُرْثَا ضِدِّيْ كَمْتَ بِالْفِ اَلْفِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ ۔ بفضل باری تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا یہ وظیفہ مشہور بزرگ حضرت خواجہ شیخ ابو سعید مخزومی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعلیم فرمایا ہوا اور آزمودہ و مجرب ہے۔

## حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت

جو کوئی اس بات کی شدت سے خواہش رکھتا ہو کہ اسے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت حاصل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ذیل میں دیا ہوا مجرب و آزمودہ عمل کرے جو کہ مشہور ولی اللہ حضرت عمر بن حفص رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو اپنے وصال کے وقت جناب محمد بن عبداللہ تیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تعلیم فرمایا تھا اور ارشاد فرمایا کہ میں نے یہ خانہ کعبہ کے نزدیک حضرت خضر علیہ السلام سے سیکھا تھا جو کہ یہ ہے کہ



نماز مغرب کے بعد عشاء تک نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو سات مرتبہ درودِ پاک پڑھے اور سات مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اس کے بعد اپنے ہاتھوں کو دراز کرے اور یہ دعا پڑھے يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا يَا اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ ۔ اس کے بعد پاک صاف بستر پر باوضو حالت میں ہی داہنی کروٹ پر قبلہ رُخ ہو کر درودِ پاک پڑھتے ہوئے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت حاصل ہو گی۔

## آدھے سر کا درد

جس کسی کو سر کے نصف حصہ میں درد ہو رہا ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں پہلے تین مرتبہ درودِ پاک پڑھے پھر تین مرتبہ یہ پڑھے اَللّٰهُمَّ اَشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ اَللّٰهُمَّ اشْفِ بِفَضْلِ حَبِيْبِكَ ۔ اس کے بعد تین مرتبہ

سورۂ اخلاص پڑھے پھر تین مرتبہ درودِ پاک پڑھے اور مریض پر دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ سر درد ختم ہو جائے گا اگر ایک بار دم کرنے سے درد میں کمی محسوس نہ ہو تو پھر دوبارہ اسی طرح سے دم کیا جائے اِنشاء اللہ تعالیٰ ضرور درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## قضائے حاجت کیلئے

اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو جو پُوری نہ ہوتی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ جمعہ کے دن دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر نماز کی ادائیگی کے بعد گیارہ مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ کلماتِ مبارکہ کہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔ پھر اپنی حاجت کے لیے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پُوری ہو گی۔

## سفر میں حفاظت کیلئے

جو کوئی سفر پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہو جائے راستے میں کسی قسم کی پریشانی



کا سامنا نہ کرنا پڑے تو اُسے چاہیئے کہ وہ روانہ ہونے سے قبل چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون پڑھے دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص، تیسری رکعت میں سورۂ فلق اور چوتھی رکعت میں سورۂ ناس پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دستک دے اور اپنے اُوپر دم کرے اس کے بعد چالیس قدم چل کر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور روانہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ دوران سفر کوئی مشکل پیش نہ آئے گی اگر کوئی رکاوٹ پیدا ہو گی تو وہ بفضل باری تعالیٰ دُور ہو جائے گی اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور امن و امان سے گھر واپسی ہو گی۔

## تسخیرِ حُب

جو کوئی کسی کو اپنی محبت میں گرویدہ بنانا چاہتا تو وہ جس ماہ میں سورج یا چاند گرہن ہو اس ماہ میں باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر پانی میں کھڑا ہو جائے پانی ناف سے نیچے تک ہو اور پانی جاری ہو یعنی دریا یا نہر یا چشمہ کے پانی میں کھڑا ہو کر یہ عمل کرے اور سُورج یا چاند گرہن جب لگا ہوا ہو اس وقت عمل کرے پانی میں کھڑے ہو کر ایک سو

ایک مرتبہ سورۂ اخلاص نہایت توجہ و یکسوئی سے پڑھے صرف ایک دن کا یہ عمل ہے اس کے بعد روزانہ کسی بھی مقررہ وقت پر سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرے اس عمل کی برکت سے جس کھانے والی چیز پر سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کر کے جس کسی کو بھی کھلائے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کی محبت میں دیوانہ ہو جائے مگر چاہیے کہ جائز اور اچھے مقصد کی خاطر یہ عمل کیا جائے میاں بیوی کی ناچاقی اور دو دوستوں کی باہمی ناراضگی کو دور کرنے کی غرض سے یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

## جان کی حفاظت

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر قیام پذیر ہو کہ جہاں پر سانپ اور بچھو کثرت سے ہوں اور ان کی طرف سے جان کا خطرہ ہر وقت لگا رہتا ہو یا جنات کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خدشہ ہو یا کسی بھی دشمن کی طرف سے جان کا خطرہ درپیش ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ اخلاص خرگوش کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق سے شر سے محفوظ رہے گا۔



## رزق میں اضافہ کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزقِ حلال میں اضافہ ہو جائے پروردگار عالم اس کی روزی فراخ کر دے تو وہ روزانہ نمازِ فجر کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرے نمازِ ظہر کے بعد بائیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نمازِ عصر کے بعد تیئس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نمازِ مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے جبکہ نمازِ عشاء کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور ہر نماز کے بعد جس قدر تعداد میں سورۂ اخلاص پڑھے اسی تعداد میں اوّل و آخر درودِ پاک بھی پڑھے یہ وظیفہ ہمیشہ کرے اور کبھی ناغہ نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں زیادتی و فراخی عطا فرمائے گا اور اس کے ہاں کبھی رزق کی تنگی نہ ہو گی۔

## بُرائی سے بچا رہے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ ہر طرح کی برائی سے بچا رہے اس کے دل میں گناہوں کے خلاف نفرت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لیا کرے اِنشاءاللہ ہر شر اور بُرائی

سے محفوظ رہے گا۔

## ملازمت کے لیے

اگر کوئی کسی جگہ پر ملازمت حاصل کرنے کا خواہاں ہو اور اس کے حصول میں رکاوٹ پیش آرہی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ چاند کے مہینے کی چودہ یا پندرہ تاریخ کو باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر ایک ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ضرور ملازمت حاصل ہوگی اور روزگار مل جائے گا۔

## اپنی اور گھر والوں کی حفاظت

جو کوئی سفر پر جانا چاہتا ہو اور اس بات کی فکر ہو کہ اس کی غیر موجودگی میں گھر والوں کو کوئی نقصان نہ پہنچائے تو اسے چاہیے کہ وہ سفر پر روانہ ہونے سے قبل باوضو حالت میں اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا ہو جائے اور اپنے دونوں ہاتھ چوکھٹ پر رکھ کر پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر دُرود پاک پڑھے اس کے بعد پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر تین بار سورۂ کافرون پڑھے اس کے بعد مع بسم اللہ کے تین مرتبہ سورۂ



اخلاص پڑھے پھر مع بسم اللہ کے تین بار سورۂ فلق پڑھے اس کے بعد بسم اللہ کے ساتھ تین بار سورۂ ناس پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور سورۂ فاتحہ پڑھے پھر دُرود پاک پڑھے اس کے بعد پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اور سفر پر روانہ ہو جائے جب اپنی منزل پر پہنچے تو تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ سفر کے مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔ بخیر و عافیت واپس آئے گا پروردگار عالم اُس کے گھر والوں کو بھی اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## امراض طحال کیلئے

جو کوئی امراض طحال میں مبتلا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر بارش کے پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کئی بار پلائے بفضل باری تعالیٰ مرض میں افاقہ ہوگا اور پروردگارِ عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## موت کی سختی دُور کرنا

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ نزع کے وقت اس پر آسانی ہو تکلیف میں کمی واقع ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ اس بات کا معمول بنا لے کہ روزانہ مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نفل نماز

اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اس عمل کی مداومت سے انشاء اللہ تعالیٰ موت کے وقت آسانی ہو جائے گی۔

## محتاجی دُور کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ دنیا میں کسی کا محتاج نہ رہے پروردگارِ عالم اس کی ہر جائز ضرورت کے اسباب غیب سے مہیا فرما دیا کرے تو اُسے چاہیئے کہ وہ روزانہ تیس مرتبہ سورۂ فلق باوضو حالت پڑھنے پر مداومت رکھے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی محتاج نہ ہوگا۔

## سخت مُشکل کیلئے

ایسی سخت مشکل جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو تو اس کے حل کے لیے سورۂ اخلاص کا یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے مشکل کے حل کی غرض سے عمل بدھ کے دن سے شروع کرے نصف شب کے وقت اُٹھ کر غسل کرے پاکیزہ لباس پہن کر لکڑی کی چوکی پر کھلے آسمان تلے بیٹھے اور ایک سو ایک مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ اوّل و آخر درُودِ پاک پڑھے جبکہ سورۂ اخلاص مع عبارت دعُوکلات کے یوں پڑھے۔ یَا اَحَدُ



یَا صَمَدُ یَا مَلِکُ عَبْدُ الصَّمَدُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ دوسرے دن اسی طرح پڑھے مگر دو سو مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درُودِ پاک پڑھے دو دو سو مرتبہ۔ تیسرے دن تین سو مرتبہ پڑھے اور اوّل و آخر تین تین سو مرتبہ درودِ پاک پڑھے بفضل باری تعالیٰ تین دن کے اس عمل سے ضرور مشکل حل ہو جائے گی اگر تین دن میں مقصد پورا نہ ہو تو اگلے تین یوم یہ عمل کرے حتیٰ کہ نو دن تک اس عمل کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہو جائے گی۔ عمل کرنے کے دوران ہر طرح کی لذات سے پرہیز کرے۔

## استخارہ کے لیے

استخارہ کرنے کی غرض سے دو رکعت نماز استخارہ اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد جب نماز پڑھ چکے تو یہ دُعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَمْلِکُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اٰخُذَ اِلَّا مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اَنْ اَتَّقِیَ اِلَّا مَا وَقَیْتَنِیْ۔ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ

كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَالْعَمَلِ فِيْ يُسْرٍ وَعَافِيَةٍ ہ اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى اِخْتِيَارِيْ ہ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْخَيْرَةَ فِيْ كُلِّ قَوْلٍ وَعَمَلٍ اُرِيْدُهٗ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَاللَّيْلِ۔ پروردگارِ عالم کے فضل وکرم سے تین یوم کے اندر اندر معلوم ہو جائے گا جس کام کے بارے میں استخارہ کیا ہے اس کو کرنا اچھا ہے یا نہیں اچھا۔

## قبر میں روشنی کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ بعد مرنے کے اس کی قبر میں اندھیرا نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد چھ مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک مرتبہ معوذتین پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ کہے، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ هٰذِهِ الصَّلٰوةَ سِرَاجًا فِيْ قَبْرِيْ وَفِيْ قُبُوْرِ جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

## گناہوں کی بخشش کیلئے

جو کوئی اللہ تعالیٰ سے اس بات کا اُمیدوار ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دے اسے توبہ کی توفیق دے آئندہ



کے لیے توبہ پر ثابت قدم رہنے کی توفیق دے تو وہ ہر جمعرات کے دن آٹھ رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد نو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

## برائے حُب

اگر کسی نے کسی کو اپنی محبت میں گرویدہ کرنا ہو یا عام مخلوق کو مسخر کرنا ہو تو چاہیے کہ وہ نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون پڑھے مگر پہلی رکعت میں سُبحانک اللہ، سورۂ فاتحہ اور سورۂ کافرون پڑھنے کے بعد ساٹھ مرتبہ یا وُدُودُ پڑھے پھر رکوع میں چالیس مرتبہ پڑھے پھر کھڑے ہو کر چالیس مرتبہ پڑھے پھر سجدہ کی حالت میں چالیس مرتبہ پڑھے پھر قومہ میں چالیس مرتبہ پڑھے پھر دوسرے سجدہ میں چالیس مرتبہ پڑھے پھر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو تو سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اسی طرح ساٹھ اور چالیس چالیس مرتبہ یا ودود پڑھے تیسری رکعت میں سورۂ فلق پڑھے اور حسبِ سابق ساٹھ اور چالیس چالیس مرتبہ یا وُدُودُ پڑھے چوتھی رکعت میں سورۂ ناس پڑھے اور پہلے کی طرح

تعداد کے مطابق یا وَدُود پڑھے اس طرح چاروں رکعتوں میں بارہ سو مرتبہ یا وَدُود پڑھے۔ سلام کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے روزانہ اس نماز کی مداومت کرے اِنشاء اللہ تعالیٰ اکیس یوم کے بعد اثرات ظاہر ہو جائیں گے اور جس مقصد کے لیے عمل کر رہا ہے بفضلِ باری تعالیٰ اُس میں ضرور کامیابی ہوگی۔

## خیر و برکت کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے گھر میں خیر و برکت پیدا ہو اور وہ ہر طرح کے شر سے محفوظ رہے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے کا معمول بنا لے انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح کے شر سے بچا رہے گا پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور اس کے گھر میں خوب خیر و برکت پیدا ہو گی اگر نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل باوضو حالت میں ایک سو ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے پر مداومت رکھے تو خواب میں اولیاء کرام کی زیارت سے بہرہ مند ہو گا۔

## بچھو کے کاٹے کا دم

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے تو فوری طور پر پانی میں نمک ملا کر اس پر ایک ایک مرتبہ سورۂ کافرون اور سورۂ فلق اور



سورۂ والناس پڑھ کر دم کرے اور بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر مل دے اِنشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

## قضائے حاجت کیلئے

قضائے حاجت کے لیے یہ عمل حضرت نجم الدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے بیان فرمایا ہے جو کہ نہایت مجرب و آزمودہ ہے یہ عمل ان کو حضرت خضر علیہ السلام نے تعلیم فرمایا تھا کہ ہر جائز حاجت کو پورا کروانے کی غرض سے جو کوئی خلوص دل کے ساتھ جمعہ کی شب کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص دس دس مرتبہ پڑھے پھر جب نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو سجدے میں جا کر دس مرتبہ درود پاک اور دس مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اس کے بعد یہ دُعا مانگے رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پھر یہ کہے یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اور اپنی حاجت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بیان کرے ایک ہزار مرتبہ یَا رَبِّ کہہ کر اپنا سر سجدے سے اٹھائے اِنشاء اللہ تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہو گی پوری ہو گی۔

# محبوب کو حاضر کرنا

اگر میاں بیوی میں کسی وجہ سے ناچاقی پیدا ہو گئی ہو اور دونوں ایک دوسرے کی شکل دیکھنے کے روادار نہ ہوں یا بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور آتی نہ ہو تو اس کی ناراضی دور کرنے اور اس کو واپس لانے کی غرض سے چاہیے کہ باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص ایک ہی سانس میں پڑھے اوّل و آخر یہ درودِ پاک پڑھ لے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ اَلْفٍ۔ پروردگارِ عالم کے فضل و کرم سے جس کے لیے عمل کیا ہے اگر دل میں سچی محبت رکھ کر پڑھا ہے تو ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی۔

# جنون کا علاج

اگر کسی کو پاگل پن کے دورے پڑتے ہوں حالت جنونی ہو جاتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور گیارہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اِنشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔



# زیارتِ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جو کوئی یہ چاہے کہ اسے خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت نصیب ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ حسب الارشاد حضرت شیخ محقق حضرت شاہ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے۔ یہ عمل روزانہ نمازِ عشاء کے بعد سونے سے قبل کرے بفضلِ باری تعالیٰ ضرور خواب میں حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

# حمل قائم رہے

اگر کسی عورت کو حمل قرار پانے کے بعد بہت تکلیف ہوتی ہو یا حمل گر جاتا ہو تو چاہیے کہ جب عورت کو حمل قرار پا جائے تو باوضو حالت میں کسم کے رنگے دھاگے کے گیارہ تار لے کر عورت کے سر سے لے کر پاؤں تک ناپ لے پھر اس پر سورۂ کافرون اور یہ آیت مبارکہ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ

اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ پڑھے ہر بار پڑھنے کے بعد ایک
گرہ لگائے اسی طرح نو گرہیں لگائے اور یہ دھاگہ عورت کے
گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ حمل کے دوران جملہ
تکالیف سے محفوظ رہے گی اس کا حمل بھی قائم رہے گا اور پروردگارِ
عالم اولاد کی نعمت سے بھی نوازے گا۔

## شفاعت حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ قیامت کے دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ
والسلام اس کی شفاعت فرمائیں تو اُسے چاہیے کہ وہ نماز مغرب
کے بعد دو دو رکعت کر کے چھ رکعت نفل نماز اس طرح سے
پڑھے کہ پہلے دوگانہ میں سورۂ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں
تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اور دوسرے دوگانہ میں چھ
چھ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے جبکہ تیسرے دوگانہ میں ایک
ایک بار معوذتین پڑھے نماز پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص
پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اسے قیامت
کے دن حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت
نصیب ہوگی۔



## نقش سورۂ اخلاص

سورۂ اخلاص کا نقش مُبارک بے شمار امراض میں اکسیر کی
حیثیت رکھتا ہے بہت سے امراض کا شافی علاج اس سے
کیا جاتا ہے اگر کوئی جذام، ٹی بی یا کینسر کے مرض میں مبتلا
ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ذیل میں دیا ہوا سورۂ اخلاص
کا نقش عربی و عددی لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلائے
چالیس نقش چالیس یوم تک بلاناغہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ
شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ اس نقش مبارک کا عامل ہونے کے
لیے لازم ہے کہ اس کی زکوٰۃ ادا کی جائے جو اس طرح سے
ہے کہ چاند کے مہینے کے آغاز میں باوضو حالت میں روزانہ
چالیس عدد نقش لکھے اور روزانہ یہ نقش آٹے کی گولیاں بنا
کر دریا میں ڈال دے چالیسویں دن میٹھے چاول اپنے ہاتھ
سے پکا کر اس پر ختم دے اور دریا پر جا کر تھوڑے سے خود
کھائے اور باقی دریا میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ جب اس
نقش کا عامل ہو جائے گا تو پھر جس بھی اچھے مقصد کے لیے
کسی کو نقش لکھ کر دے گا اُس میں کامیابی حاصل ہوگی اگر کسی
حاملہ کا حمل ضائع ہو جاتا ہو تو باوضو حالت میں لکھ کر اُسے دے
کہ وہ اس کو اپنی کمر میں باندھ لے بفضل باری تعالیٰ اُس کا

خُون بند ہو جائے گا اور حمل قائم رہے گا۔ اس کے علاوہ اگر کوئی ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو اور اس کی رہائی کی کوئی صورت ممکن دکھائی نہ دیتی ہو تو جمعرات کے دن باوضو حالت میں نقش لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھنے کے لیے دے انشاءُ اللہ تعالیٰ بہت جلد قیدی کی رہائی عمل میں آجائے گی۔ اگر کسی غائب یعنی گمشدہ کو واپس بلانا مقصود ہو تو چاہیئے کہ نقش لکھ کر نیچے غائب اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اس کی جلد واپسی کی نیت کرتے ہوئے دو پتھروں کے درمیان رکھ کر ایسی جگہ پر رکھے کہ جہاں پر شدید دُھوپ پڑتی ہو انشاء اللہ تعالیٰ غائب بہت جلد واپس آجائے گا۔ اگر کوئی چور چوری کر کے فرار ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ معلوم نہ ہوتا ہو کہ چور کون ہے تو یہ نقش مبارک لکھ کر قرآن پاک میں رکھے اور باوضو حالت میں سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں چور کی شکل نظر آجائے گی اور اس کے بارے میں واضح نشاندھی ہو جائے گی۔ اگر کسی کا کوئی عزیز گم ہو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے تو یہ نقش مبارک باوضو حالت میں مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے سر کے نیچے رکھ کر سو جائے تو بفضلِ باری تعالیٰ گمشدہ کی حالت خواب میں نظر آجائے گی اور اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں پر ہے



اور کس حالت میں ہے۔ اگر کوئی کسی مہم پر جانا چاہتا ہو یا کسی سفر پر روانہ ہو رہا ہو تو ہرن کی جھلی پر یہ نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھ کر روانہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی و کامرانی سے واپسی ہوگی اور ہر طرح سے آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل علیہ السلام — میکائیل علیہ السلام

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ١٣٠ قل | ١١ هو | ٦٦ الله | ١٣ احد | ٦٦ الله | ١٦٥ الصمد | ٧٠ لم | ٤٤ یلد |
| هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم |
| الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد |
| احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم |
| الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن |
| الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له |
| لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفواً |
| یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفواً | احد |

اسرافیل علیہ السلام — عزرائیل علیہ السلام

# دینی و دُنیاوی ترقی کے لیے

جو کوئی دینی و دنیاوی ترقی کے حصُول کا خواہاں ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز ظہر کے بعد پہلے گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر تین مرتبہ یہ پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ وَاَعُوۡذُ بِاسۡمِکَ الۡمَخۡزُوۡنِ الۡمَکۡنُوۡنِ السَّلَامُ اَلۡمنزِلُ الۡقُدُّوۡسُ الۡمُطَھَّرُ الطَّاھِرُ یَا دَھۡرُ یَا دَیۡھُوۡد یَا دَیۡھَار یَا اَزَلُ یَا اَبَدُ یَا مَنۡ لَّمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا مَنۡ لَمۡ یَلِدۡ یَا ھُوَ اس کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھے یَا مَنۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یَا مَنۡ لَمۡ یَعۡلَمُ یَا ھُوَ اِلَّا ھُوَ یَا کَانُ یَا کَیۡنَانُ یَا رُوۡحُ یَا ھُوَ۔ اس وظیفہ پر ہمیشگی اختیار کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دینی و دنیاوی ترقی حاصل ہوتی ہے۔

# حُب کے لیے

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو اور اس کو تنگ کرتی ہو گھر میں بلا وجہ لڑائی جھگڑا کرتی رہتی ہو اور کسی بھی کسی بھی طرح اپنی روش سے باز نہ آتی ہو یا اگر روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور واپس نہ آتی ہو ہر معاملے میں اپنی بات منوانے کی ضد کرتی ہو جبکہ خاوند یہ چاہتا ہو کہ بیوی کے دل میں اس



کی محبت پیدا ہو جائے اور وہ کسی طرح راہ راست پر آجائے اس مقصد کے لیے عامل کو چاہیئے کہ وہ ذیل میں دیئے ہوئے دو نقوش صبح کے وقت سات اور آٹھ بجے کے درمیان باوضو ہو کر لکھے اور مرد کو دے کہ وہ نقش نمبر۱ چاندی کے لاکٹ میں بند کر کے اپنے گلے میں ڈالے جبکہ نقش نمبر۲ کو دھاگہ لپیٹ کر انار کے درخت کی ٹہنی سے باندھ دے تاکہ ہوا میں ہلتا رہے بفضل باری تعالیٰ بیوی کے دل میں اپنے خاوند کی محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ راہِ راست پر آجائے گی۔ نقش نمبر۱ یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِسۡمِ | اللّٰہِ | الرَّحۡمٰنِ | الرَّحِیۡمِ |
| الرَّحِیۡمِ | الرَّحۡمٰنِ | اللّٰہ | بِسۡمِ |
| اللّٰہِ | بِسۡمِ | الرَّحِیۡمِ | الرَّحۡمٰنِ |
| الرَّحۡمٰنِ | الرَّحِیۡمِ | بِسۡمِ | اللّٰہِ |

فلاں بن فلاں علیٰ الحب فلاں بن فلاں

نقش نمبر ۲ یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُل | ھُو | اللہ | احد |
| اللہ | الصمد | لم | یلد |
| ولم | یو | لد | ولم |
| یکن | لہ | کفوًا | احد |

فلاں بن فلاں علیٰ الحب فلاں بن فلاں

## آتشک کا علاج

جو کوئی آتشک کے مرض میں مبتلا ہوا اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ با وضو حالت میں ذیل میں دیا نقش مبارک دو عدد لکھے ایک نقش پانی میں گھول کر دن میں دو مرتبہ مریض کو پلائے نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھے دوسرا نقش مریض کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| وَلَمْ | یُوْلَدْ | وَلَمْ | یَکُنْ |
| ھُوَ | اللّٰہُ | اَحَدٌ | اللّٰہُ |
| یُوْلَدْ | وَلَمْ | یَکُنْ | لَّہٗ |
| قُلْ | ھُوَ | اللّٰہُ | اَحَدٌ |
| الصَّمَدُ | لَمْ | یَلِدْ | وَلَمْ |
| لَہٗ | کُفُوًا | اَحَدٌ | قُلْ |
| اللّٰہُ | الصَّمَدُ | لَمْ | یَلِدْ |
| | کُفُوًا | اَحَدٌ | |

## سحر کے لیے

اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو جس کی وجہ سے وہ نارمل نہ رہتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں نقش سورۂ معوذتین مشک وزعفران سے ایک سفید کاغذ پر لکھے اور مسحور کے بازو پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا پروردگارِ عالم اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ نقش سورۂ معوذتین یہ ہیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُل اعوذ | برب الفلق | من شر ما خلق | ومن شر |
| غاسق | اذا وقب | ومن | شر |
| النفثٰت | فی | العقد | ومن |
| شر | حاسدٍ | اذا | حسد |

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل اعوذ | ملک الناس<br>اله الناس | اله الناس<br>من شر الوسواس | من شر الوسواس<br>الخناس |
| برب الناس<br>ملک الناس | من شر الوسواس<br>الخناس | الخناس<br>الذی | الذی<br>یوسوس |
| اله الناس<br>من شر الوسواس | الذی | یوسوس<br>فی صدور | فی صدور<br>الناس |
| الخناس | یوسوس | الناس | من الجنة<br>والناس |

## محبّتِ الٰہی کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہو جائے اور اس میں شدت آجائے اس کا قلب پروردگارِ عالم کی محبت میں سرشار ہو جائے تو وہ ذیل میں دیا سورۂ اخلاص کا




نقش باوضو حالت میں کسی عمدہ سفید کاغذ پر لکھ کر فریم کروالے اور اپنے گھر میں خلوت خانہ میں ایسی جگہ پر آویزاں کرے کہ جہاں پر اکثر اس کی نگاہ پڑتی رہے اس کے علاوہ خود بھی شوق اور محبت سے اس نقش پاک پر نظر ڈالتا رہے اور نظر بھر کر دیکھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ پروردگارِ عالم کی محبت قلب میں موجزن ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل ھو | اللہ | اللہ | الصمد |
| اللہ احد | اللہ | الصمد | لم یلد |
| اللہ | الصمد | لم یلد | ولم یولد |
| الصمد | لم یلد | ولم یولد | ولم یکن لہ |
| لم یلد | ولم یولد | ولم یکن لہ | کُفواً احد |

## مُشکل حل ہو جائے

اگر کوئی کسی ایسی مشکل میں پھنس گیا ہو کہ جس کے حل کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو کسی نے جھوٹے مقدمے میں

ملوث کر دیا ہو اور شہرت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو تو چاہیے کہ روزانہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اس کے علاوہ روزانہ ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک لکھ کر چلتے ہوئے پانی میں ڈالے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہو گی وہ حل ہو جائے گی اللہ تعالیٰ جھوٹے مقدمہ سے بریت کے جلد اسباب پیدا فرما دے گا اور اس کی باعزت خلاصی ہو جائے گی جو بھی نیک اور جائز مقصد ہو گا وہ بفضل باری تعالیٰ پورا ہو جائے گا نقش مبارک یہ ہے۔





# بھاگا ہُوا واپس آئے

اگر کوئی بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں پر ہے یا کسی کا کوئی ملازم کوئی چیز لے کر راہِ فرار اختیار کر گیا ہو تو اس کو جلد واپس لانے کی غرض سے سورۂ اخلاص کا نقش مبارک نہایت ہی مفید اور فائدہ مند ہے اس مقصد کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو نمازِ اشراق کی ادائیگی کے بعد باوضو حالت میں نقش کافی تعداد میں لکھ کر اپنے پاس رکھ لے تاکہ جب بھی کوئی حاجت مند اس کے پاس آئے تو اس کا کام بروقت ہو سکے ذیل میں دیا ہوا نقش لکھ کر اس کے نیچے بھاگے ہوئے کا نام معہ اس کی والدہ کا نام لکھے اور نقش حاجت مند کو دیتے ہوئے اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے جبکہ حاجت مند اس نقش کو انار کے درخت کے ساتھ اس طرح باندھ دے کہ ہوا سے ہلتا رہے بفضلِ باری تعالیٰ بھاگا ہوا بہت جلد واپس آجائے گا۔

نقش مُبارک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل | ھو | اللہ | احد |
| اللہ | الصمد | لم | یلد |
| ولم | یو | لد | ولم |
| یکن | لہٗ | کفوًا | احد |

فلاں بن فلاں حاضر شُد

## گُردہ کی درد کے لیے

اگر کسی کو گردہ کے درد کی شکایت ہو گئی ہو اور کسی طرح افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک جو کہ سورۂ اخلاص کا ہے باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد عرق گلاب اور زعفران سے دو عدد لکھے ایک نقش پانی میں گھول کر مریض کو پلائے اور دوسرا مریض کے گلے میں ڈال دے روزانہ ایک نقش لکھ کر پانی میں گھولے اور مریض کو دن میں کئی بار یہ پانی پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے گردے کی درد میں افاقہ ہوگا اور دن بدن آرام محسوس ہوگا پروردگار عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔ نقش آئندہ صفحہ پر ہے۔



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۴۳ | ۲۵۶ | ۲۵۳ | ۲۵۰ |
| ۲۵۴ | ۲۴۹ | ۲۴۴ | ۲۵۵ |
| ۲۴۸ | ۲۵۱ | ۲۵۸ | ۲۴۵ |
| ۲۵۷ | ۲۴۶ | ۲۴۷ | ۲۵۲ |

## جادُو ختم کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جادو کے اثر سے محفوظ رہے تو وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ فلق پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اور ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک باوضو حالت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جادو کے اثر سے بچا رہے گا اس کے علاوہ اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو تو یہ نقش لکھ کر اسے دے کہ وہ اس کو بازو پر باندھے اور ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر پی لیا کرے ہر روز ایک سو مرتبہ سورۂ فلق پڑھ کر سحر زدہ پر دم کرے۔

نقش مبارک صفحہ ۷۸ پر ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۲۹ | ۲۱۷۲ | ۲۱۷۵ | ۲۱۶۱ |
| ۲۱۷۳ | ۲۱۶۲ | ۲۱۶۸ | ۲۱۷۳ |
| ۲۱۶۴ | ۲۱۷۷ | ۲۱۷۰ | ۲۱۶۷ |
| ۲۱۷۱ | ۲۱۶۶ | ۲۱۶۴ | ۲۱۷۶ |

## حاجت روائی کے لیے

اگر کسی کی ایسی جائز حاجت ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ اس مقصد کے لیے ترکِ حیوانات کر کے روزہ رکھے اور پندرہ یوم تک بلاناغہ روزانہ چھ ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص مع مؤکل کے اس طرح سے پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ اَجِبۡ یَا جبرائیل یا عطرائیل بحق قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اجب یا میکائیل یا اسرافیل بحق اللّٰهُ الصَّمَدُ اجب یا اسرافیل یا طاطائیل بحق لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ اجب یا عزرائیل یا دفتائیل بحق وَلَمۡ یَکُنۡ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔ ہر روز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اپنے مقصد کے حصول کے لیے عاجزی و انکساری سے بارگاہِ الٰہی میں گڑگڑائے اس کے علاوہ ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک لکھ کر



اپنے پاس رکھے بفضل باری تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہوگی وہ پوری ہو جائے گی نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳۵ | ۲۳۰ | ۲۳۷ |
| ۳۳۶ | ۳۳۴ | ۳۳۲ |
| ۳۳۱ | ۳۳۸ | ۳۳۳ |

## آفات سے حفاظت رہے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے اس کو کوئی آفت نقصان نہ پہنچا سکے تو وہ ذیل میں دیا ہوا نقش باوضو حالت میں لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا دشمن اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

نقش مبارک صفحہ ۸۰ پر ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۹۴۵ | ۹۴۰ | ۹۴۷ |
| ۹۴۶ | ۹۴۴ | ۹۴۲ |
| ۹۴۱ | ۹۴۸ | ۹۴۳ |

## شرِ شیطان سے بچاؤ کے لیے

اگر کسی کو شیطانی وسوسے آتے ہوں اور اس کا قلب بُرائی کی طرف رغبت کرتا ہو کسی بھی طرح اس کا دل قرار نہ پکڑتا ہو تو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ فلق پڑھے اور ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک لکھ کر پانی میں گھول کر تین دن تک روزانہ پیئے انشاء اللہ تعالیٰ شرِ شیطان سے محفوظ رہے گا شیطانی وسوسے کمزور ہو جائیں گے جس کو شیطان خواب میں بھی تنگ کرتا ہو جس کی وجہ سے احتلام زیادہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر دل کے مقام پر رکھے بفضل باری تعالیٰ احتلام زیادہ ہونے کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ جو کوئی سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو یا اُسے بُرے خواب آتے ہوں یا کسی جگہ پر خوف اور ڈر معلوم ہوتا ہو تو یہ نقش اپنے گلے میں ڈال لے انشاء اللہ تعالیٰ خوف دور ہو جائے گا ناحق قید میں پڑے ہوئے قیدی کی جلد



رہائی کے لیے جمعرات کے دن یہ نقش لکھ کر قیدی کو دے کہ وہ اسے اپنے بازو پر باندھے اگر کسی کو جنون اور دیوانگی کے دورے پڑتے ہوں تو یہ نقش لکھ کر روزانہ چالیس یوم تک پانی میں گھول کر مریض کو پلائے بفضل باری تعالیٰ آرام آجائے گا اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو تو پھر گیارہ یوم تک بلاناغہ روزانہ گیارہ عدد نقش لکھ کر پانی میں حل کر کے مسحور کو پلائے تو جادو کا اثر زائل ہو جائے گا اس کے علاوہ ایک نقش مسحور کے بازو پر باندھ دے۔ نقش مبارک یہ ہے جو کہ قل اعوذ برب الفلق کا ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۴ | ۲۵۷ | ۲۶۰ | ۲۴۶ |
| ۲۵۹ | ۲۴۷ | ۲۵۳ | ۲۵۸ |
| ۲۴۸ | ۲۶۲ | ۲۵۵ | ۲۵۲ |
| ۲۵۶ | ۲۵۱ | ۲۴۹ | ۲۶۱ |

## سحر کے لیے

سحر کو دور کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ

سورۂ ناس پڑھے اور باوضو حالت میں سورۂ ناس کا نقش مبارک
لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شیطانی وار
سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔
شیطان کے شر سے بھی بچا رہے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٣٢٣ | ١٣٢٧ | ١٣٣٠ | ١٣١٦ |
| ١٣٢٩ | ١٣٢٧ | ١٣٢٢ | ١٣٢٨ |
| ١٣١٨ | ١٣٢٣ | ١٣٢٥ | ١٣٢١ |
| ١٣٢٨ | ١٣٤٠ | ١٣١٩ | ١٣٣١ |

## ہر حاجت کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ پردۂ غیب سے اس کی حاجت پوری
ہوتی رہے وہ چشم خلائق میں اس قدر معزز و محترم ہو جائے
کہ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے تو اُسے
چاہیے کہ وہ چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور
فجر کی ادائیگی کے بعد غسل کر کے بغیر کسی سے کوئی کلام کیے
تنہائی میں پاکیزہ کپڑے پہن کر خوشبو سلگائے اور اپنے کپڑوں



کو بھی عطر وغیرہ لگائے طلوع آفتاب تک قبلہ رُخ بیٹھ کر
بکثرت سورۂ اخلاص پڑھتا رہے طلوع آفتاب سے پندرہ منٹ بعد
گیارہ مرتبہ درُود پاک پڑھے اور پھر دو رکعت نفل نماز اس طرح
سے پڑھے کہ ہر رکعت میں ایک ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے
نماز مکمل کر کے سلام پھیرے اور تین سو مرتبہ یہ اعتصام پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُخْلِصِیْنَ
بِحُرْمَۃِ سُوْرَۃِ الاخلاص وَیَسِّرْ لِیْ مَا یَلِیْفُ بِھَا بَیْنَ الْخَوَاصِ
الشَّرِیْفَۃِ وَالْمَوَاھِبَۃِ الالٰھیۃ وَصَلَّی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٌ وَّاٰلہٖ اجمعین بِرَحْمَتِکَ یا ارحم الرَّاحِمِیْن۔ یہ
پڑھنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اجب یا جبرئیل
اللّٰہ الصمد اجب یا میکائیل لم یلد ولم یولد اجب
یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوًا احد اجب یا عزرائیل۔
پڑھتے ہوئے قل ھو اللہ کا یہ نقش مبارک اپنے زانو پر رکھے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٢٥٠ | ٢٥٣ | ٢٥٦ | ٢٤٣ |
| ٢٥٥ | ٢٤٤ | ٢٤٩ | ٢٥٤ |
| ٢٤٥ | ٢٥٨ | ٢٥١ | ٢٤٨ |
| ٢٥٢ | ٢٤٧ | ٢٤٦ | ٢٥٧ |

سورۂ اخلاص پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یہ پڑھے یا حنان انت الذی وسعت کل شئ رحمۃ وعلما یا حنان پھر ایک سو مرتبہ یہ دعا مانگے اللھم انی اسئلک سخرلی خدام ھٰذہ السورۃ بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات روائی کی دُعا مانگے اور پھر چودہ یوم تک روزانہ بلاناغہ ہر نماز کے بعد اور تہجد کے بعد بھی اسی طرح پڑھے یعنی اسی طرح چودہ دنوں میں چوراسی ہزار مرتبہ پڑھے جب پندرہواں دن ہو تو نماز فجر کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھے اُسی دن حالتِ بیداری میں یا خواب میں تین فرشتے حاضر خدمت ہوں گے ان کے اسمائے گرامی عبداللہ، عبدالاحد اور عبدالصمد ہیں وہ آتے ہی السلام وعلیکم کہیں گے اور کہیں گے کہ اے عبدالصالح ! تم اب ہمارے بھائی ہو تم آج کے بعد کبھی کسی مُسلمان کی غیبت و بُرائی نہ کرنا اور ہر جمعرات کے دن مسلمانوں کے قبرستان میں جا کر ان کے حق میں دُعا کرنا اور سورۂ اخلاص پڑھنے پر ہمیشگی اختیار کرنا ہم تمہاری حاجات کے کفیل ہیں۔ اس عمل کو مکمل کرنے کے بعد روزانہ ایک سو گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص معہ اعتصام اور دُعا وغیرہ کے ہمیشہ پڑھنے کا معمول بنالے بفضل باری تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہو گی وہ پوری ہو جائے گی۔



# حسبِ منشأ شادی کے لیے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی شادی حسبِ منشا جگہ پر ہو جائے اور جلد ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد سونے سے قبل اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے نیک مقصد کے لیے دُعا مانگے اس کے علاوہ ذیل میں دیا ہوا نقش سفید کاغذ پر لکھ کر اس کے نیچے مُحب یعنی جو شادی کرنا چاہتا ہے نام کے ساتھ والدہ کا نام لکھے اس کے بعد المحب لکھ کر اس کا نام معہ والدہ کے نام کے ساتھ لکھے جس سے شادی کرنا مقصود ہے اس نقش کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ حسبِ منشأ جگہ پر شادی ہو جائے گی مگر شرط یہ ہے کہ یہ عمل صرف جائز اور نیک مقصد کی خاطر کیا جائے اور اس نیت کے ساتھ نہ کیا جائے کہ فلاں حاکم کی بیٹی یا فلاں مالدار عورت سے شادی ہو جائے تو دولت و شہرت ہاتھ میں آجائے اس طرح کی لالچی طبیعت رکھنے والوں کو فائدہ نہیں ہوتا۔

نقش مبارک صفحہ ۸۶ پر ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | | |
|---|---|---|---|
| قُلْ | هُوَ | اللّٰهُ | اَحَدٌ |
| اللّٰهُ | الصَّمَدُ | لَمْ | يَلِدْ |
| وَلَمْ | يُوْلَدْ | وَلَمْ | يَكُنْ |
| لَهٗ | كُفُوًا | اَحَدٌ | قُلْ |
| هُوَ | اللّٰهُ | اَحَدٌ | اللّٰهُ |
| الصَّمَدُ | لَمْ | يَلِدْ | وَلَمْ |
| يُوْلَدْ | وَلَمْ | يَكُنْ | لَهٗ |
| | كُفُوًا | اَحَدٌ | |

فلاں بن فلاں المحب فلاں بن فلاں

## مالیخولیا کا علاج

جس کسی کو مالیخولیا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو یا وہم کا شکار ہو گیا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ہر نماز کے بعد سورۂ فلق اور سورہ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آرام آجائے گا اور مرض ختم ہو جائے گا۔



## دانتوں کا ہلنا

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے دانت ہمیشہ مضبوط رہیں اور دانتوں کا ہلنا بند ہو جائے تو وہ روزانہ نماز مغرب کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھنے کا معمول بنالے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے نماز مکمل کرنے کے بعد جب سلام پھیرے تو حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایصال ثواب کرے اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دانت ہلنا بند ہو جائیں گے اور دانتوں کی مضبوطی ہو جائے گی۔

## اولاد کے لیے

جو کوئی اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور اولاد کی شدید خواہش رکھتا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ نماز عشاء کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اولاد کے حصول کی دُعا مانگے دس یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے چاند کے مہینے کی پہلی جمعرات کی شب سے اس عمل کا آغاز کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دُعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی اور جلد ہی اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گا۔

# جادو ختم کرنا

سحر اور جادو کو دُور کرنے کی غرض سے ذیل میں دیا ہوا نقش معوذتین با وضو حالت میں لکھ کر گلے میں ڈالے بفضلِ باری تعالیٰ ہر طرح کے جادو ٹونے کے اثر سے محفوظ رہے گا اور اگر کسی نے جادو کا وار کیا ہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر زائل ہو جائے گا اس کے علاوہ ہر نماز میں سورۂ معوذتین گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کر لیا کرے۔

نقش مُبارک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۶۹۱ | ۳۷۸۴ | ۳۶۹۴ | ۳۶۸۹ |
| ۳۶۸۶ | ۳۶۹۷ | ۳۶۸۳ | ۳۶۹۳ |
| ۳۶۸۵ | ۳۶۹۰ | ۳۶۸۸ | ۳۶۹۵ |
| ۳۶۹۶ | ۳۶۸۱ | ۳۶۹۳ | ۳۶۸۷ |

# مجرّب استخارہ

استخارہ کرنے کی غرض سے نمازِ عشائ کے بعد دو رکعت نفل نماز



اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین سو تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر جب نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو شمال کی طرف منہ کر کے اَلنُّوْرُ الظَّاهِرُ الْبَاسِطُ پڑھے اور اُس وقت تک پڑھتا رہے جب تک کہ نیند نہ آ جائے انشاء اللہ تعالیٰ جس مقصد کے لیے استخارہ کا عمل کیا ہے اس کا جواب ضرور خواب میں مل جائے گا یہ استخارہ قادریہ ہے جو کہ مجرب و آزمودہ ہے۔

# وسعتِ رزق کے لیے

اگر کوئی یہ چاہے کہ پروردگار عالم اس کے رزق میں فراوانی پیدا فرما دے تو اسے چاہیے کہ وہ مغرب کی نماز ادا کرنے کے بعد چھ سلام کے ساتھ بارہ رکعتیں نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد جب نماز پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ سے وسعت رزق کے لیے دعا مانگے بفضلِ باری تعالیٰ دعا ضرور قبول ہو گی اس عمل کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کبھی رزق کی تنگی کی شکایت نہ ہو گی۔

# امراضِ چشم کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ آنکھوں کی ہر طرح کی امراض سے محفوظ رہے تو وہ روزانہ دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے سلام کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درودِ پاک پڑھے پھر ایک سو ایک مرتبہ اللہ الصمد پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیرے اس وظیفہ کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی امراضِ چشم سے محفوظ رہے گا۔

# سانپ اور کُتے کے کاٹے کا علاج

اس مقصد کے لیے عامل کو چاہیے کہ نمک کا ایک ٹکڑا لے جس کا وزن ایک سو گرام ہو با وضو حالت میں پہلے پانچ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ کے پڑھے اور نمک پر دم کرے پھر گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھ کر دم کرے اور دم کرتے وقت اس بات کا خیال رکھے کہ نمک پر بھرپور پھونک مارے تاکہ ہلکا سا لعاب دہن بھی



نمک پر پڑے چاروں قل شریف دم کرنے کے بعد پانچ مرتبہ درودِ پاک بھی پڑھ کر دم کرے اور اس نمک کو محفوظ کر کے رکھ لے جب بھی کوئی ایسا مریض آئے کہ جس کو سانپ یا کتے نے کاٹ لیا ہو تو اس کو ایک طرف سے چٹائے اور دوسری طرف سے زخم پر ملے اِنشاء اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

# دشمن کی ہلاکت کے لیے

ایسا ظالم دشمن جو جان لینے کے درپے ہو اس کے شر سے کوئی بھی محفوظ نہ رہتا ہو ہر کسی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو اور کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو تو ایسے ظالم دشمن کی ہلاکت کی غرض سے چاہیے کہ یکشنبہ کے دن خلوت میں ایک جگہ پر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر با وضو حالت میں ہی ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور ہر ایک سو مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ دُعا مانگے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ سَلَّطْتُ رُوْحَانِیَّةَ ھٰذِہِ السُّوْرَةِ حَاتَّھَا دَیَا بِسَھَا عَلٰی رُوْحِ (اس جگہ ظالم دشمن کا نام لے) انشاء اللہ تعالیٰ ظالم سے جلد چھٹکارا مل جائے گا۔

## پھانسی کا حکم تبدیل ہو جائے


اگر کسی بے گناہ کو عدالت سے پھانسی کی سزا کا حکم ہو گیا اور کوئی صورت اس کی رہائی ممکن دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیے کہ جس کو پھانسی کی سزا کا حکم سنایا گیا ہے اس کے چند عزیز یا بہی خواہ باوضو حالت میں نمازِ عشاء کے بعد مسجد میں بیٹھ کر پانچ ہزار سات سو چھیالیس مرتبہ سورۂ ناس پڑھیں اور پڑھنے کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری سے دُعا مانگیں کہ اے پروردگار! اپنے حبیب پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طفیل فلاں کو رہائی عطا فرما۔ اکیس یوم تک بلاناغہ یہ وظیفہ کریں پروردگارِ عالم کے فضل و کرم سے پھانسی کا حکم تبدیل ہو جائے گا اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو رہائی عمل میں آ جائے گی۔ اکیس یوم اگر مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو تو پھر اکیس یوم تک مزید یہ وظیفہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مقصد پورا ہو گا نہایت مجرب و آزمودہ وظیفہ ہے۔

## بکری یا گھوڑے کی صحت کیلئے

اگر کسی کی پالتو بکری یا گھوڑا بیمار ہو گیا ہو اور اُسے کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ پہلے دو رکعت نفل نمازِ اس



طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں تین تین بار سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد دو رکعت نمازِ استخارہ پڑھے اس کی پہلی رکعت میں سورۂ کافرون، سورۂ نصر و سورۂ تبت پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھے نماز مکمل کرنے کے بعد تھوڑی سی شیرینی پر حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی فاتحہ دلائے یہ عمل جمعہ یا اتوار کے دن کرے فاتحہ کے بعد اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے کہ پروردگارِ عالم! فلاں جانور کو صحت کاملہ عطا فرما اس کے بعد باوضو حالت میں یہ تعویذ لکھے۔



تعویذ لکھنے کے بعد جانور کی گردن میں باندھ دے ایک ہفتہ
سے زیادہ نہ باندھے ساتویں دن تعویذ کو گردن سے الگ
کرے انشاء اللہ تعالیٰ جانور صحت یاب ہو جائے گا۔

## وبائی امراض سے بچاؤ

اگر کسی جگہ پر کوئی ایسی وبائی مرض پھیل گئی ہو کہ جس کے
حملہ آور ہونے کا شدید خطرہ ہو تو جو کوئی ذیل میں دیا ہوا تینوں
قل شریف کا نقش مبارک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران
سے لکھ کر جمعہ کے دن اپنے بازو پر باندھے گا انشاء اللہ تعالیٰ
ہر طرح کے مرض سے بچا رہے گا پروردگار عالم اپنی حفظ و امان
میں رکھے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳۵۳۳ | ۳۵۴۶ | ۳۵۳۳ | ۳۵۴۰ |
| ۳۵۴۴ | ۳۵۳۹ | ۳۵۴۸ | ۳۵۴۵ |
| ۳۵۳۸ | ۳۵۴۱ | ۳۵۴۵ | ۳۵۳۵ |
| ۳۵۴۷ | ۳۵۳۶ | ۳۵۳۷ | ۳۵۴۲ |



## بانجھ پن کا علاج

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اولاد کی نعمت سے محروم ہو کافی
علاج کروا چکی ہو مگر مراد پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ سیاہ
دھاگے کے چودہ عدد تار لے کر عورت کے سر سے پاؤں تک
ناپ لے اتوار کے دن باوضو حالت میں لوبان جلائے خوشبو
سلگانے کے بعد اس دھاگے پر دس گرہیں اس طرح سے
لگائے کہ ہر گرہ لگانے سے پہلے سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ
اخلاص پڑھ کر دم کرے اس کے بعد حسب استطاعت شیرینی
پر فاتحہ دلائے اور لڑکوں میں تقسیم کرے جب دھاگہ تیار ہو جائے
تو پھر سات مرتبہ سورۂ اخلاص اور چاروں قل شریف اس طرح
سے پڑھ کر دم کرے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے جب عورت
غسل کر لے تو تھوڑی سی مصری لے کر آدھی عورت خود کھائے
اور آدھی کسی لڑکے کو دے پھر یہ دھاگہ عورت اپنی کمر میں باندھ
لے اس کے ساتھ ہی یہ تعویز عورت اپنے گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۷ | ۴۴ | ۸ |
| ۴۵ | ۷ | ۳ | ۴۶ |
| ۶ | ۴۲ | ۴۹ | ۳ |
| ۴۸ | ۴ | ۵ | ۴۳ |

اس کے بعد تیار کیا ہوا دھاگہ عورت اپنی کمر میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور اولاد کی نعمت سے سرفراز ہوگی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کاملہ سے اولاد نرینہ عطا فرمائے گا۔

# ظالم حاکم کا خوف

اگر کسی کو ظالم حاکم کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھ لیا کرے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ فلق پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو یہ کہے اَللّٰھُمَّ یا کانی اکفنی من شر فلاں بن فلانیہ۔ پروردگار عالم کے فضل و کرم سے حاکم نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

# آسیب سے نجات کیلئے

اگر کسی پر آسیب کا سایہ ہو اور آسیب بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو چاہیے کہ مشک و زعفران سے باوضو حالت میں پہلے یہ نقش چہار قُل شریف نہایت توجہ و یکسوئی سے لکھے۔



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۷۰۱ | ۴۷۰۴ | ۴۷۰۷ | ۴۶۹۴ |
| ۴۷۰۶ | ۴۶۹۵ | ۴۷۰۰ | ۴۷۰۵ |
| ۴۶۹۶ | ۴۷۰۹ | ۴۷۰۲ | ۴۶۹۹ |
| ۴۷۰۳ | ۴۶۵۸ | ۴۶۹۷ | ۴۷۰۵ |

اور لکھ کر اپنے پاس الگ سے رکھ لے اس کے بعد بیری کے درخت سے سات پتے لے کر سل پر باریک پیس لے پھر ایک برتن میں صاف پانی ڈال کر کسی پاکیزہ چیز یعنی نئے غیر استعمال شدہ چمچ سے خوب اچھی طرح ہلا کر مکس کریں اور ہلاتے ہوئے ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ و آیتہ الکرسی تین مرتبہ سورۂ اخلاص، تین مرتبہ سورۂ فلق اور تین مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرے پڑھتے ہوئے چمچ کو بھی مسلسل ہلاتا رہے اول و آخر ایک ایک بار دُرُودِ پاک بھی پڑھے اس کے بعد تیار شدہ نقش پانی میں ڈال کر ملا دیا جائے پھر اس پانی میں سے تین گھونٹ سحر زدہ کو پلائے اور باقی پانی ایک مٹی کے گھڑے میں ڈال کر گھڑا پانی سے بھرے سحر زدہ اس پانی سے اس طرح نہائے کہ پہلے علیحدہ پانی کے ساتھ استنجا وغیرہ کرے اس کے بعد اپنے گھر کے ایک گوشے میں گڑھا کھود کر اس پانی سے اس طرح غسل کرے کہ پانی گڑھے

سے باہر نہ آئے غسل کرنے کے بعد گڑھا بند کر دیا جائے ہر روز بلا ناغہ تین یوم تک یہ عمل کیا جائے اگر پہلی مرتبہ میں فائدہ نہ ہو تو پھر دوبارہ عمل کیا جائے حتیٰ کہ تیسری بار عمل کرنے سے تو ضرور آسیب دُور ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

## تسہیلِ ولادت کے لیے

اگر کسی حاملہ کو بچے کی ولادت کے وقت بہت زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہو شدت سے دردِ زہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے جب عورت کو دردزہ شروع ہوگی تو درد میں کافی کمی واقع ہو جائے گی اور پروردگار عالم کے فضل وکرم سے بچہ کی ولادت جلد ہو جائے گی اور زیادہ تکلیف بھی محسوس نہ ہوگی بچہ کی پیدائش کے بعد نقش پاک کو کھول دیا جائے اور دریا کے کنارے گڑھا کھود کر اس میں دبا دیا جائے یا کسی پُرانے کنویں میں ڈال دیا جائے جس میں نجاست نہ ہو۔

نقش مُبارک صفحہ ۹۹ پر ہے۔



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| قل اعوذ | بربّ الفلق | من شرِ ما خلق | ومن شر |
| غاسق | اذا وقب | ومن شر | النفثٰت |
| فی العقد | ومن شر | حاسدٍ | اذا حسد |
| فلاں | بن فلاں | حاملہ | خلاص شود |

## شُوگر کا علاج

جس کسی کو شوگر جیسی مہلک مرض کا عارضہ لاحق ہو اور کسی بھی طرح آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ اخلاص تین مرتبہ ذیل میں بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق اس طرح سے پڑھ کر مریض پر دم کرے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدَ يَا اللّٰهُ اَحَدُ يَا الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ يَا اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ يَا اللّٰهُ الصَّمَدُ الْاَحَدُ۔ يَا اللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ۔ اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ يَا اللّٰهُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ يَا اللّٰهُ۔ لَمْ يَلِدْ يَا اللّٰهُ لَمْ يُوْلَدْ اللّٰهُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدًا۔ يَا اللّٰهُ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

دِن میں تین تین مرتبہ مریض پر دم کرے اِنشاء اللہ تعالیٰ شوگر

کے مرض سے نجات مل جائے گی پروردگار عالم شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ اس کے علاوہ اگر کوئی مریض دم کروانے کے لیے نہ آسکے یا اس سے رابطہ آسان و ممکن نہ ہو تو پھر باوضو حالت میں یہی عمل کسی پاکیزہ برتن پر عرق گلاب و زعفران سے لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو روزانہ پینے کے لیے دے گیارہ یوم تک بلاناغہ یہ پانی پینے سے بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ حاصل ہوتی ہے۔

## بخار کا علاج

اگر کسی کو باری کا بخار آتا ہو اور علاج کے باوجود کوئی افاقہ نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں چینی کی ایک پلیٹ پر عرقِ گلاب و زعفران سے سورۂ اخلاص لکھے اور تازہ پانی سے دھو کر یہ پانی مٹی کی صراحی میں رکھے اس پانی پر ایک سو ایک مرتبہ یہ درود پاک پڑھ کر دم کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَشَفِیْعِنَا وَنَصِیْرِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ جب بھی مریض کو پیاس لگے اس صراحی میں سے پانی پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔ اس کے علاوہ بخار کا ایک شافی علاج یہ بھی ہے کہ بخار کے مریض کو قبلہ رُخ لٹاکر ایک سو ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے بفضلِ باری تعالیٰ



بخار کی شکایت رفع ہو جائے گی تین دن تک بلاناغہ روزانہ اس طرح دم کرنے سے مکمل طور پر بخار اتر جائے گا جب آرام آجائے تو مریض کو چاہیے کہ وہ حسب استطاعت مسکین و حقداروں میں سے کسی کو کچھ نہ کچھ صدقہ دے۔

## سودا کا علاج

جو کوئی مرض سودا میں مبتلا ہو تو عامل باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین بار یہ درودِ پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اس کے علاوہ سورۃ کے آغاز میں اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ اور بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بھی پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے روزانہ بلاناغہ اکتالیس یوم تک دم کر کے پانی پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

## نکسیر کے لیے

نکسیر کے عارضہ کے لیے گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون، گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص، گیارہ مرتبہ سورۂ فلق اور گیارہ مرتبہ سورۂ ناس اس طرح سے پڑھ کر مریض پر دم کرے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار

یہ درودِ پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ بفضلِ باری تعالیٰ مریض کو آرام آجائے گا اور مرض رفع ہو جائے گا۔

## کھانسی کے لیے

کھانسی کے مرض میں مبتلا مریض کو باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو مریض کو فوری طور پر افاقہ ہوگا سات یوم تک بلاناغہ پانی دم کیا ہوا پلانے سے بفضلِ باری تعالیٰ کالی کھانسی کی شکایت بھی رفع ہو جاتی ہے پروردگارِ عالم صحت کاملہ سے نوازتا ہے۔

## غم معدہ کا علاج

جو کوئی غم معدہ کا شکار ہو دن بدن مرض بڑھتا جاتا ہو تو چاہیے کہ روزانہ باوضو حالت میں تین عدد کالی مرچیں لے کر ان پر سورۂ اخلاص نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو کھلا دے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور آرام آجائے گا۔



## پستان کا ورم

اگر کسی عورت کے پستانوں پر ورم ہو اور عورت تکلیف محسوس کرتی ہو تو دس مرتبہ سورۂ فاتحہ، دس مرتبہ سورۂ اخلاص، دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر پانی پر دم کرے اور عورت کو پلائے عورت دن میں کئی مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پیئے گیارہ یوم تک روزانہ اسی طرح دم کر کے عورت کو پانی پلایا جائے تو بفضلِ باری تعالیٰ پستانوں میں ورم کی شکایت رفع ہو جائے گی اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اس کے علاوہ عورت کو بھی چاہیے کہ وہ بکثرت چاروں قل شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

## تپ محرقہ کا علاج

تپ محرقہ کے علاج کے ضمن میں ذیل میں دیا ہوا عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے اس عمل سے بخار کا شافی علاج ممکن ہے چنانچہ اس مقصد کے لیے پیتل کی ایک کٹوری لے کر سات عدد سوئیاں اس قدر لمبی لیں کہ جو کٹوری کی گہرائی سے دو انگلی بڑی ہوں پھر کٹوری میں پانی منہ تک بھر لیں ایک سرخ رنگ کا رومال لے کر سوئیوں کو ہاتھ میں پکڑ کر پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھیں

پھر گیارہ مرتبہ یہ درُودِ پاک پڑھیں اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِائَۃَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّۃٍ اس کے بعد پانچ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں پھر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ سورہ کافرون اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں پھر تین مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔ پڑھیں۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ مذکورۂ بالا درُودِ پاک پڑھیں اور سوئیوں پر دم کر دیں اب ایک مضبُوط دھاگہ لے کر سوئیوں کو ایک ساتھ کھڑی کر کے باندھ دیں اور کٹوری پر اُلٹی کھڑی کر کے اس طرح رکھیں کہ سوئیوں کی نوکیں اُوپر کی طرف ہوں سوئیوں پر چھتری کی طرح رومال دیکر رومال کے کونے کٹوری کے پیندے سے لپیٹ دیں اور کٹوری کو مریض کی چارپائی کے نیچے رکھ دیں سارا دن اور ساری رات یعنی چوبیس گھنٹے گزرنے کے بعد کٹوری اٹھائیں اور رومال ہٹا کر دیکھیں تو پانی میں بہت سے سُرخ ذرات موجود ہوں گے اور اس کے ساتھ ہی مریض کی حالت بھی سنبھل جائے گی اور افاقہ محسوس ہوگا چند یوم تک روزانہ یہ عمل اس وقت کیا جائے گا جب تک کہ پانی میں سُرخ ذرات دکھائی دینا بند ہو جائیں اور پانی اصلی حالت میں آ جائے تو سمجھ لیں کہ تپ محرقہ کا عارضہ بھی ختم ہو گیا ہے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے نوازتا ہے۔




## سانپ کاٹے سے بچاؤ

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر رہتا ہو کہ جہاں پر سانپوں اور دیگر زہریلے حشرات الارض کے کاٹنے کا خطرہ رہتا ہو تو جو کوئی یہ چاہے کہ وہ سانپ کے کاٹنے سے بچا رہے تو وہ روزانہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ لیا کرے اور اس وظیفہ کو اپنا معمول بنا لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مداومت کرنے سے کوئی بھی سانپ اس کو نہیں کاٹے گا اور اگر کاٹ بھی لے تو زہر کا اثر نہ ہوگا۔

## تسخیر خلائق کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جہاں بھی جائے لوگوں کی نظروں میں محبُوب و معزز ہو جائے تمام مخلوق اس کے لیے مسخر ہو جائے تو اس مقصد کے لیے سورۂ اخلاص کا یہ عمل نہایت مجرب و آزمودہ ہے چونکہ یہ عمل باموکل ہے اس لیے عمل کرتے ہوئے طہارت و صفائی کا مکمل طور پر لحاظ رکھا جائے مسجد میں یا گھر میں پاک صاف جگہ پر یہ عمل کیا جائے تو بہت بہتر ہے سب سے پہلے غسل کر کے باوضو حالت میں پاک صاف لباس پہن کر عرق گلاب اور زعفران سے ایک سفید کاغذ پر ذیل کا نقش لکھے اور اگر دولت۔

کی غرض سے عمل کرنا مقصود ہو تو پھر چاندی کے پترے پر کندہ
کرائے نقش مبارک یہ ہے۔






اس کے بعد مصلے پر قبلہ رُخ ہو کر بیٹھے اور ایک سو ایک مرتبہ
درُودِ پاک پڑھے پھر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے
کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے نماز کے
بعد اس کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام، صحابہ کرام
رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، اہلِ بیت اطہار رضی اللہ تعالیٰ عنہم
اور تمام اولیاء کرام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو بخشے پھر سورۂ
اخلاص کا لکھا ہوا نقش اپنے سامنے اس طرح رکھے کہ اس پر
نظر پڑتی رہے اب مصلے پر کھڑے ہو کر تین مرتبہ یہ کہے فریاد
فریاد فریاد بدرگاہ تو دوستی علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم و
حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ و حُسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید کربلا آنچہ
مطلوب میدارم بانصرام رساں۔ اس کے بعد تین بار آیۃ الکرسی
پڑھے اور کھڑے ہوئے ہی تین سو تین بار چاروں قُل شریف پڑھ
کر اپنی انگشت شہادت پر دم کرے اور انگلی کے اشارے سے
چاروں جانب حصار کرے اور قبلہ رُخ سمت کا لحاظ رکھتے
ہوئے بیٹھ جائے اور نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ ۱۶۷ مرتبہ
سورۂ اخلاص اس طرح سے پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اُقۡسِمُتُ عَلَیۡکُمۡ وَعَزَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ اَجِبۡ یَا عَطۡرَائِیۡلَ وَبِحَقِّ
قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا اِسۡرَافِیۡلَ بِحَقِّ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا طَاطَائِیۡلُ
بِحَقِّ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ یَا رَفۡتَمَائِیۡلَ بِحَقِّ وَلَمۡ یَکُنۡ لَہٗ

کُفُوًا اَحَدٌ ۔ پڑھتے وقت اپنی نگاہ نقشِ مُبارک پر ہی رکھے اس کے بعد اکیس مرتبہ درُودِ پاک پڑھے اور نقش پر دم کرے۔ یہ ایک دن کا عمل تمام ہوا اسی طرح روزانہ بلا ناغہ چھ یوم تک یہ عمل کرے چھٹے دن دودھ کی کھیر پکا کر فاتحہ پڑھے خود بھی کھائے اور دوسروں کو بھی کھلائے عمل کرتے ہوئے اس بات کا خاص طور پر دھیان رکھے کہ عمل کے دوران کبھی موکل ظاہر بھی ہو جاتے ہیں اور اس کا دارومدار قلبی صفائی پر ہے اگر مؤکل ظاہر ہو جائیں تو ہرگز عمل مکمل کیے بغیر ان سے کوئی بات نہ کرے جب عمل پورا ہو جائے اور وہ السلام علیکم کہیں گے اُن کے سلام کا جواب دے اور ان سے کہے کہ میں نے آپ کو اس غرض سے بلایا ہے کہ آپ اس بات کا مجھ سے وعدہ کریں کہ آپ میری ہر جائز کام میں مدد کریں گے۔ اس کے جواب میں اگر وہ کوئی شرط رکھیں تو عامل کو چاہیے کہ وہ اس شرط کو مان لے اور اگر مؤکل ظاہر نہ ہوں تو ہرگز مایوس نہ ہو بلکہ روزانہ ۴۷ مرتبہ اسی طرح سورۂ اخلاص پڑھ کر نقش پر دم کرنے پر مداومت رکھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مؤکل اس نقش مبارک کے تابع رہیں گے اور بفضلِ باری تعالیٰ عامل کو جب بھی کوئی جائز ضرورت پیش آئے گی وہ اس کی غائبانہ طور پر مدد کرتے رہیں گے اور بہت زیادہ فائدہ پہنچائیں گے۔



## آنکھ میں پھولا

اگر کسی کی آنکھ میں پھولا ہو گیا ہو تو باوضو حالت میں سورۂ اخلاص پڑھ کر آنکھ پر دم کیا جائے دن میں دو مرتبہ دم کرے اِنشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی سفیدی ظاہر ہو جائے گی اور پھولا کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## مُنہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ کے اندر چھالے بن گئے ہوں یا چھوٹی چھوٹی پھنسیاں دانوں کی شکل میں نکل آئی ہوں تو چاہیے کہ اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر شہد پر دم کرے اور مریض کو دے کہ وہ اس کو چوس کر کھائے تین یوم تک روزانہ نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد یہ عمل کرے بفضلِ باری تعالیٰ مُنہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے اور ان سے ہونے والی تکلیف بھی دور ہو جائے گی۔

## جان و مال کی حفاظت

اگر کسی کو اپنے گھر میں یہ خوف ہو کہ کوئی اس کو نقصان پہنچائے گا تو وہ روزانہ رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں چاروں قُل شریف تین تین مرتبہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر اپنے اُوپر دم

کرے اور اپنے گھر کے گرد اگرد حصار کرے پروردگار عالم کے فضل وکرم سے وہ اور اس کا گھر محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## ورم اور غدود کیلئے

اگر کسی کو گلے یا تلی میں ورم و غدود کی شکایت لاحق ہو تو اس کے شافی علاج کے لیے سورۃ الناس کا یہ عمل نہایت مجرب ہے اس مقصد کے لیے گندم کا آٹا گوندھ کر دو تلی کے برابر تھوڑا سا آٹا لے کر اس کی ٹکیاں بنائے ایک ٹکیہ تلی کی جگہ پر رکھ کر باوضو حالت میں لوہے کی چھری جس کے دستے میں تین کیل جڑے ہوئے ہوں ہاتھ میں پکڑ کر سورۃ ناس اس طرح سے پڑھے۔ قل اعوذ برب الناس کٹ تلی کٹ سختی ملک الناس ناس کٹ تلی کٹ سختی الہ الناس ناس کٹ تلی کٹ سختی من شر الوسواس الخناس ناس کٹ تلی کٹ سختی الذی یوسوس فی صدور الناس ناس کٹ تلی کٹ سختی من الجنۃ والناس ناس اس کے بعد آٹے کی ٹکیہ پر نشان + چھری سے لگائے اور ٹکیہ کو الٹ کر اسی طرح پھر دو مرتبہ سورۃ ناس پڑھے، سات۔ گیارہ یا چالیس یوم تک پڑھنے سے بفضل باری تعالیٰ آرام آجاتا ہے پروردگار عالم شفائے کاملہ سے نوازتا ہے عمل کے دوران جب عمل مکمل



ہو جائے تو روزانہ آٹے کی ٹکیاں پرندوں کو کھلا دے اگر یہ عمل کنٹھ مالا کے لیے کرنا مقصود ہو تو پھر کٹ تلی کی جگہ کٹ گٹھلی کٹ سختی کے الفاظ پڑھے اور آٹے کی ٹکیہ کی بجائے صاف اور پاک مٹی کی ٹکیہ بنائے اور عمل کرنے کے بعد دریا یا کسی بھی پاک جاری شدہ پانی میں ڈال دے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم بیماری جاتی رہے گی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

## آفات وبلیات سے محفوظ رہے

جو کوئی یہ چاہیے کہ وہ آفات وبلیات سے محفوظ رہے کسی بھی طرح کے جادو اور ٹونے سے بچا رہے آسیب اسے نقصان نہ پہنچا سکے تو وہ ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ فلق اور تین مرتبہ سورۃ ناس پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھ لیا کرے اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ وَاِلَیْکَ الْمُشْتَکٰی وَعَلَیْکَ التُّکْلَانُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اس وظیفہ کی مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی آفات وبلیات سے محفوظ رہیگا۔

## ایمان کی سلامتی کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اس کا ایمان سلامت رہے شیطان اس کے ایمان پر نقب نہ لگا سکے اور وہ شر شیطان سے بچا رہے تو

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ کافرون پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ایمان کی سلامتی رہے گی اور اپنا ایمان سلامت لے کر اس دنیا سے رُخصت ہوگا اس کے علاوہ پروردگارِ عالم اس سورہ کو روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھنے والے کو خوشی و رحمت سے نوازتا ہے غم اور فکر اس سے دُور فرما دیتا ہے۔

## قیدی کی رہائی کے لیے

بے گناہ قیدی کی جلد رہائی کی غرض سے جو کوئی روزانہ باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے قیدی کی جلد رہائی کے لیے دُعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیدی کی جلد رہائی ممکن ہو جائے گی۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ وظیفہ کرے بفضلِ باری تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر بے گناہ قیدی کی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور وہ جلد ہی قید سے چھوٹ جائے گا۔

## عذاب دُور ہو جائے

جو کوئی خلوص دل کے ساتھ باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب مُردے کو بخش دے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس مُردے سے عذاب کو دور کر دیتا ہے۔



## غربت و افلاس کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہے کہ غربت و افلاس اس سے دُور ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے حلال رزق میں خیر و برکت عطا فرمائے اور اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے کبھی رزق کی تنگی نہ ہو تو ایک حدیث مُبارکہ میں آتا ہے کہ جو کوئی ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر تین مرتبہ دُرودِ پاک پڑھے اور پھر یہ آیت مبارکہ ایک بار پڑھے وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا (الیٰ) كُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا پھر اپنا چہرہ آسمان کی طرف کر کے پھونک مارے تو پروردگارِ عالم اس کو تین نعمتیں عطا فرمائے گا اس کی عمر دراز ہوگی۔ مال عطا فرمائے گا اولاد کی نعمت سے سرفراز کرے گا اور آخرت میں بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمائے گا۔

## ادائیگی قرض کے لیے

روایات میں آتا ہے کہ ایک اعرابی حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! مجھے ایک نماز سکھا دیں (یعنی کوئی عمل ایسا بتا دیں) کہ جس سے میرا قرض ادا ہو جائے کہ میرے اُوپر

قرضہ تصور وگمان سے بھی زیادہ ہے۔ حضورِ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ
والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے خزانے فہم وگمان سے
بھی زیادہ ہیں۔ چنانچہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ
پنجشنبہ کے دن نمازِ ظہر کے بعد چار رکعت نفل نماز (دو سلام سے)
پڑھے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس بار سورۃ القدر پڑھے
اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں سورۂ
فاتحہ کے بعد دس مرتبہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ اور ایک مرتبہ سورۂ
اخلاص پڑھے پھر سلام پھیرے تو اُٹھنے سے پہلے یہ دُعا
پڑھے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ الْخَلْقَ وَلَمْ یَخْلُفْھُمْ بِجَلْبِ
مَنْفَعَۃٍ لَا یَزِیْدُ فِیْ مُلْکِہٖ طَاعَۃُ الْمُطِیْعِیْنَ وَیَصُدُّوْ
یَسْتَطِیْعُ وَیُطْلِعُ وَیَعْتَدِلُ وَیَحُضُّ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ
اَکْبَرُ عَدَدَ عِلْمِہٖ وَمُنْتَھٰی عِلْمِہٖ وَمَا فِیْ عِلْمِہٖ۔ یہ دُعا
مانگنے کے بعد اُٹھ کر کھڑا ہو جائے اور دو رکعت نماز مزید
پڑھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ والعادیات
اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور ایک مرتبہ سورۂ فلق پڑھے
دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ کافرون
اور ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پھر ایک مرتبہ سورہ ناس پڑھے اور
سلام پھیرنے کے بعد بغیر کسی سے کوئی بات کیے دس مرتبہ یہ
دُعا پڑھے سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ



عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ
فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ پھر یہ کہے
یَا مَنْ ذِکْرُہٗ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِیْنَ وَیَا مَنْ شُکْرُہٗ فَوْزٌ لِلشَّا
کِرِیْنَ وَیَا مَنْ طَاعَتُہٗ مُنْجَاۃٌ لِلْمُطِیْعِیْنَ وَیَا مَنْ
رَاْفَتُہٗ مَلْجَاً لِلْعَاصِیْنَ وَیَا مَنْ لَّا یَخْفٰی عَلَیْہِ نَبَأُ
الْمُحْتَاجِیْنَ وَیَا مَنْ لَّا یَقْطَعُ عَنْہُ حَوَائِجُ السَّآئِلِیْنَ اَسْئَلُکَ
لِمَقْعَدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِکَ وَمُنْتَھَی الرَّحْمَۃِ مِنْ کِتَابِکَ
وَبِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ وَجَدِّکَ الْاَعْلٰی وَکَلِمَاتِکَ التَّامَّاتِ
اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَنْ تَقْضِیَ دَیْنِیْ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ اس اعرابی کا کہنا ہے کہ میں نے اس طرح
عمل کیا تو میں چھٹے پنجشنبہ کو ایک باغ میں گیا تو میں نے
وہاں پر دس خزانے دیکھے اور ہر خزانے میں بہت زیادہ مال
تھا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محتاجی دور کرنے اور قرض کی
ادائیگی اور جلد ادائیگی کے لیے یہ عمل بہت خوب ہے پروردگار
عالم اس کی برکت سے قرض کی جلد ادائیگی کے اسباب پردۂ غیب
سے مہیا فرما دیتا ہے۔

## جادو کا علاج

ایک حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضورِ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام

پر جس یہودی نے جادو کیا تھا اس کا نام لبید بن عاصم تھا اس کے جادو کی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بیمار ہو گئے بعض کا کہنا ہے کہ تقریباً چھ ماہ تک بیمار رہے یہاں تک کہ بہت زیادہ نقاہت و کمزوری ہو گئی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز خواب میں دو فرشتوں کو دیکھا کہ ایک فرشتہ دوسرے فرشتے سے پوچھ رہا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کیا عارضہ لاحق ہے ؟ اس نے جواب دیا کہ ان پر جادو کیا گیا ہے پھر اس سے پہلے نے پوچھا کہ ان پر کس نے جادو کیا ہے ؟ اس نے کہا کہ لبید بن عاصم نے ۔ پھر پوچھا کہ کس چیز میں کیا ہے ۔ اس نے کہا کہ ان کے بالوں میں اور کنگھی کے دندانے میں کمان کی زہ کی سی بارہ گرہ دے کر اور کھجور کے غلاف میں رکھ کر فلاں کنویں میں پتھر کے نیچے دفن کیا ہے ۔ جب صبح ہوئی تو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کنویں پر گئے بعض کا کہنا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ساتھ تھے اس کنویں سے جادو کو نکالا ۔

فتح الباری میں تحریر ہے کہ جب اس کو باہر نکالا گیا تو اس کے اندر حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی موم سے بنی ہوئی صورت نکلی جس میں سوئیاں چھدی ہوئی تھیں جیسے جیسے اس میں سے سوئی نکالتے جاتے تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام



کو آرام ہوتا جاتا تھا روایت میں آتا ہے کہ وہ بارہ گرہیں ہرگز نہیں کھل سکتی تھیں اس لیے کہ اس دوران حضرت جبرائیل علیہ السلام معوذتین لے کر نازل ہوئے اور کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ! ان دو سورتوں کی بارہ آیات ہیں ان کو پڑھ کر اس پر دم کریں ان کی برکت سے یہ بارہ گرہیں کھل جائیں گی ۔

سورۂ فلق و سورۂ ناس سحر کو دور کرنے کے لیے بہت فائدہ مند ہیں اگر کسی کے بالوں کو کاٹ کر اس پر جادو کر دیا گیا ہو اور گرہ ایسی لگا دی گئی ہو کہ وہ کھلتی نہ ہو جس کے باعث وہ دن بدن بیمار ہوتا جاتا ہو اور کمزوری بڑھتی جاتی ہو قوت زائل ہو رہی ہو تو چاہیئے کہ باوضو حالت میں سورۂ فلق اور سورۂ ناس مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک ایک مرتبہ پڑھ کر سحر زدہ پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ گرہیں کھل جائیں گی اس کے علاوہ ان دونوں سورتوں کا نقش تعویز کی طرح گلے میں ڈال کر رکھنے سے آسیب سے حفاظت رہتی ہے ۔

## جنت میں داخلہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ پروردگار عالم اس کے گناہوں کی معافی عطا کر دے اور اسے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے

قبر و حشر میں اس کے لیے آسانی پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے
کہ وہ روزانہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر
اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہوں
کو معاف فرما دے گا بشرطیکہ اس پر کوئی فرض نہ ہو اور اگر
رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں قبلہ رُخ لیٹ کر
دو سو مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنے کا معمول بنا لے تو بفضلِ باری
تعالیٰ قیامت کے دن اس کو داہنی کروٹ پر ہی جنت نصیب
ہوگی اور جنت میں داخل ہوگا۔

## سَر درد کا علاج

اگر کسی کے سر میں شدید درد کی شکایت پیدا ہو گئی ہو
جو ڈاکٹری علاج کروانے سے بھی ختم نہ ہوتی ہو جس کی وجہ
سے مریض بہت زیادہ بے چینی محسوس کرتا ہو تو عامل کو چاہیے
کہ وہ باوضو حالت میں ایک چھُری اپنے ہاتھ میں پکڑ کر مریض
کو اپنے سامنے بٹھائے مریض درد کی جگہ کو اپنے ہاتھ سے
پکڑے اور عامل قل اعوذ برب الناس۔ ناس ناس پڑھ کر چھُری
پر دم کرے اور چھری سے زمین پر خط کھینچے پھر مریض سے
دریافت کرے کہ درد کہاں پر ہے مریض اپنا ہاتھ لگا کر دیکھے
کہ درد کس طرف کو ہے اگر درد وہاں سے دوسری طرف سرک گیا



ہو تو اس جگہ کو پکڑے اور عامل سورہ ناس کی یہ آیت مُبارکہ
یوں پڑھے مَلِكِ النَّاس۔ ناس ناس پڑھ کر چھری پر دم کرے
اور اسی طرح زمین پر خط کھینچ کر مریض سے پوچھے اسی طرح
پوری سورۂ ناس پڑھ کر دم کر دے اگر ایک بار عمل کرنے سے
درد رفع نہ ہو تو پھر دوبارہ اسی طرح دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ
درد ختم ہو جائے گا یہ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے اس میں
زیادہ سے زیادہ چھ مرتبہ سورۂ ناس پڑھی جائے تو بفضل باری
تعالیٰ کیسا ہی درد کیوں نہ ہو ختم ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ
سے نوازتا ہے چھ مرتبہ سے زیادہ دم کرنے کی نوبت نہیں آتی۔

## گائے یا بکری کے لیے

اگر کوئی گائے یا بھینس اپنے بچھڑے سے نفرت کرتی ہو اُس
کو مارتی ہو پہچانتی نہ ہو دودھ بھی نہ پلاتی ہو اسی طرح اگر کوئی
بکری یا اونٹنی بھی اسی طرح کرتی ہو جس کی وجہ سے بچے کی جان
کو خطرہ ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں پہلے سورۂ فاتحہ
سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس اور یہ آیات مبارکہ لکھے
وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ أَفَغَيْرَ دِينِ
اللّٰهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا وَّإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ

مِنْهُ الْاَنْهٰرُ وَ اِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنَ ؁ پھر اپنی مٹھی میں پاک صاف مٹی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص ایک مرتبہ سورۂ فلق اور ایک مرتبہ سورۂ ناس پڑھ کر دم کرے اور یہ مٹی جانور کے نتھنوں اور آنکھوں اور سینے کی طرف پھینک دے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

## نظرِ بد کا علاج

اگر کسی کو ایسی نظر بد لگی ہوئی ہو کہ وہ صحت یاب نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ ایک انڈا لے کر اس پر عرق گلاب و زعفران سے باریک قلم کے ساتھ یہ لکھے عامل باوضو حالت میں لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا مليح نوط۔ سات مرتبہ یہ لکھے اور انڈا اپنے کف دست میں رکھ کر اس کے نیچے خشک کشنیز کا بخور دے اور بکثرت سورۂ اخلاص پڑھتا جائے یہاں تک کہ انڈا ہتھیلی پر خود بخود کھڑا ہو جائے گا پھر اس انڈے کو توڑ دے اگر اس



کے اندر خون کے سُرخ نقطے دکھائی دیں تو سمجھ لے کہ وہی نظر بد ہے اور اس کو مریض کے ماتھے پر مالش کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض تندرست ہو جائے گا۔

## ایمان کی حفاظت کے لیے

ایمان کی سلامتی و حفاظت کے لیے سورۂ الکافرون بہت خُوب ہے اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر مقیم ہے۔ جہاں پر کہ کفار کی تعداد زیادہ ہے اور وہاں پر وہ ایمان کی سلامتی و حفاظت کا خواہاں ہے تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ سورۂ کافرون پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اس کے علاوہ یہ نقش مبارک عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ایمان سلامت رہے اور پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔ نقش مبارک یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۷ | ۷۱۰ | ۷۱۳ | ۷۰۰ |
| ۷۱۲ | ۷۱ | ۷۶ | ۷۱۱ |
| ۷۲ | ۷۱۵ | ۷۸ | ۷۵ |
| ۷۲۹ | ۷۴ | ۷۳ | ۷۱۴ |

## دشمن پر غلبہ حاصل کرنا

اگر کسی کو دشمن بہت زیادہ تنگ کرتا ہو نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ضائع نہ کرتا ہو تو ایسے دشمن کو مغلوب کرنے کی غرض سے مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں تین مرتبہ سورۂ اخلاص اور ایک سو مرتبہ یَا اللهُ بِحَقِّ یَا مُحَمَّدُ پڑھے جبکہ دوسری رکعت میں بھی تین مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک سو مرتبہ یَا اللهُ بِحَقِّ یَا مُحَمَّدُ پڑھے پھر جب نماز مکمل کرتے ہوئے سلام پھیرے تو سجدے میں سر رکھ کر تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ یہ کہے بگیرشش بگرفتن خویش ببندش بر بستن خویش سات راتوں تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے۔

## گھر میں امن رہے

جس گھر میں ہر وقت بلاوجہ لڑائی جھگڑا رہتا ہو گھر کے افراد ایک دوسرے کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوں تو گھر کا ایسا فرد جو یہ چاہتا ہو کہ کسی طرح گھر میں امن و سکون کی فضا قائم ہو جائے اس کے سمجھانے کے باوجود گھر کی صورتحال میں



کوئی خوشگوار تبدیلی نہ ہوتی ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ روزانہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ کافرون اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس کا معمول بنالے تو بفضلِ باری تعالیٰ اس کے گھر میں امن رہے گا لڑائی جھگڑے کی فضا ختم ہو جائے گی اور گھر کے افراد امن چین سے رہیں گے۔

## جلد قرض ادا ہو جائے

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی بروقت ادائیگی کی کوئی ممکن صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو وہ روزانہ نمازِ عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز قرض کی جلد ادائیگی کی غرض سے اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ فلق پڑھے دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے اور نماز مکمل کر کے سلام پھیرے پھر یہ پڑھے سُبْحَانَ اللهِ الْاَبَدِیِّ الْاَبَدِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ سُبْحَانَ اللهِ الْفَرْدِ الصَّمَدِ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ الْمُنْفَرِدُ بِلَا صَاحِبَةٍ وَّلَا وَلَدٍ۔ اس کے بعد پھر دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور دوسری رکعت میں تین مرتبہ سورۂ والعصر اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر نماز مکمل کرے سلام پھیرنے کے

بعد سجدہ میں جا کر سات مرتبہ یہ دعا مانگے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ التَّیْسِیْرَ فِیْ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ التَّیْسِیْرَ فِیْ کُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْکَ سَھْلٌ یَّسِیْرٌ۔ اس کے بعد سجدہ سے سر اُٹھائے اور بیٹھ کر دس مرتبہ یہ پڑھے فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَلَہُ الْکِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ ہر روز بلا ناغہ چالیس یوم تک پڑھے انشاء اللہ ضرور قرض کی جلد اور بروقت ادائیگی کا انتظام ہو جائے گا اور قرض خواہ اس دوران تنگ بھی نہ کریں گے۔

## خواب بندی کے لیے

جو کوئی خواب بندی کی غرض سے یہ عمل کرے کامیاب ہو جائے رات کے وقت باوضو حالت میں ایک چھری ہاتھ میں لے کر جس کی خواب بندی کی غرض سے پڑھنا مقصود ہو اُس کا تصوّر کرے اور سورۂ ناس پڑھنا شروع کرے پڑھنے سے پہلے چھری کو زمین میں تھوڑا سا گاڑ دے پڑھتے ہوئے جب بھی لفظ ناس آئے تو چھری کو زمین میں گاڑتا جائے جب چھری زمین میں گھس جائے تو یہ یہ آیت مُبارکہ پڑھے اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ۔ چھری کو تین دن سے زیادہ زمین میں نہ رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہو گی۔



## نظر کی کمزوری

اگر کسی کی نگاہ کمزور ہو گئی ہو تو وہ پہلی رات کا چاند دیکھ کر باوضو حالت میں دس مرتبہ سورۂ فاتحہ اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر یہ کہے شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ اس کے ساتھ ہی اپنا بایاں ہاتھ آنکھوں پر پھیرے انشاء اللہ تعالیٰ نظر کی کمزوری دور ہو جائے گی ہر ماہ کی پہلی رات کو یہی عمل کرے بفضل باری تعالیٰ کبھی نظر کی کمی کی شکایت نہ ہو گی۔

## آسیب معلوم کرنا

اگر کسی مریض کے بارے میں یہ معلوم کرنا ہو کہ اس پر آسیب ہے یا کوئی ایسی بیماری ہے جس کے بارے میں پتہ نہیں چل رہا تو عامل کو چاہیئے کہ باوضو حالت میں مریض کے جسم پر پہنا ہوا ایسا کپڑا جو مریض نے کم از کم تین رات دن تک پہنا ہوا ہو لے کر لمبائی میں ناپ لے اس کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر تین مرتبہ یہ عزیمت پڑھے می خوانم بر جامہ فلاں بن فلاں (اس جگہ مریض اور اس کی والدہ کا نام لے) جہت آنکہ سبب آزار فلاں بن فلاں بریں جامہ ظاہر گردد و قریۃ الی اللہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ

اِلٰه واحدا احدا صمدا وترا باقیا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً
وَّلَا وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ مِنَ الذُّلِّ وَلِیٌّ وَّكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا لَمْ
یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ پڑھنے کے
بعد کپڑے پر دم کرے اور کپڑے کو پیشانی یعنی سر سے لے کر
ناف تک دونوں طرف زور زور سے ملے اور پھر اس کپڑے
کو ناپے اگر کپڑا ایک انگلی کم ہو تو مریض پر دیو کا اثر ہے
اگر دو انگلی کم ہو تو پری کا اثر ہے اور اگر تین انگلی کم ہو تو
مریض سحر زدہ ہے اگر کپڑا اپنی حالت پر رہے کم نہ ہو تو پھر
مریض کو کوئی جسمانی عارضہ لاحق ہے اس لیے مریض کو چاہیے
کہ وہ جسمانی علاج کی طرف توجہ دے اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے
نوازے گا اور صحت کاملہ عطا فرمائے گا۔

## شدید مُشکل کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ اُسے زندگی میں کوئی ایسی مشکل پیش نہ
آئے کہ جو حل نہ ہو یا کوئی ایسی حاجت کہ جو پُوری نہ ہو تو اُسے
چاہیے کہ وہ سورۂ اخلاص کا نصاب پورا کرے تاکہ بوقتِ ضرورت
کام آئے اور ادائیگی نصاب کی غرض سے جمعہ کی شب دو رکعت
نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد
پانچ پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے نماز مکمل کرنے کے بعد سلام



پھیرے اور یہ دُعا مانگے اَللّٰھُمَّ اِنّی اَسْئَلُكَ بِكَرَمِ وَجْهِكَ
الکریم وبالسورۃ الشریفۃ العظیم وبحرمۃ النبی الامی
الرحیم ان تقضی حوائجنا وتستجیب دعائنا وتغفر ذنوبنا
یا قاضی الحاجات ویا کافی المہمات ویا منزل البرکات۔
یہ دُعا مانگنے کے بعد ایک ہزار ایک مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
پڑھے پھر ایک ہزار ایک مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھے اس کے
بعد ایک ہزار ایک مرتبہ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ پڑھے پھر ایک
ہزار ایک مرتبہ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ پڑھے اوّل وآخر
گیارہ گیارہ مرتبہ دُرودِ پاک اور استغفار پڑھے اس کے بعد
نہایت توجہ ویکسوئی کے ساتھ ایک ہزار ایک مرتبہ سورۂ اخلاص
ایک ہی ترتیب سے یعنی پوری سورۃ ایک ہی بار پڑھے پھر دس
مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر تمام
پڑھے ہوئے کا ثواب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ
جمیلہ سے جُملہ اولیاء کرام کو پہنچائے پھر صبح صادق کے وقت
کسی مشہور ولی اللہ کے مزار کی زیارت کے لیے جائے اور وہاں پر
حسبِ منشا مقدار میں شیرینی فقراء میں تقسیم کرے اس طرح نصاب
مکمل ہو جاتا ہے پھر جب بھی کبھی کوئی اچانک مشکل پیش آجائے
تو کوئی ضروری حاجت پیدا ہو جائے تو اس کو پُورا کرنے کی غرض
سے باوضو حالت میں ایک ہزار مرتبہ سورۂ اخلاص اکیس یوم یا

چالیس یوم میں پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ جس بھی مشکل کے لیے پڑھے گا وہ آسان ہو جائے گی۔

# جانور کو مطیع کرنا

جو کوئی یہ چاہے کہ خطرناک قسم کے جانور مثلاً شیر اور ہاتھی وغیرہ اس کے سامنے مسخر ہو جائیں وہ جو چاہے ان سے کام لے اور ان پر اس کو غلبہ حاصل ہو جائے تو وہ ہر روز باوضو حالت میں پہلے گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرے اور پھر ستر مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھے اور یہ نقش عرق گلاب، مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | ۲۱۲ | | | ۱۰ | ۵ |
| ۹ | ۶ | | | ۳ | ۲۱۳ |
| ۷ | ۱۲ | | | ۲۱۰ | ۲ |
| ۲۱۱ | ۱ | | | ۸ | ۱۱ |

انشاءاللہ تعالیٰ جس بھی جانور کے سامنے جائے گا اسے نقصان نہ پہنچے گا اور وہ مطیع ہو جائے گا جو لوگ جانوروں کو سدھاتے ہیں ان کے لیے یہ وظیفہ و نقش نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔



# اِمتحان میں کامیابی کیلئے

امتحان میں کامیابی کی غرض سے رات کو نماز تہجد کے وقت اُٹھے اور دو رکعت نفل نماز اس مقصد کے لیے پڑھے کہ اللہ تعالیٰ اسے امتحان میں کامیابی سے نوازے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو تین مرتبہ یہ دُرودِ پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ عَدَدَ اَنْعَامِ اللّٰہِ وَاَفْضَالِہٖ۔ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ پڑھے پھر اپنے مقصد کے لیے بارگاہِ الٰہی میں دُعا مانگے اور دس مرتبہ یہ کہے اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَتِیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ اس کے بعد دس مرتبہ یہ کہے یَا مُدَبِّرُ الْاُمُرِ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور مذکورہ بالا دُرودِ پاک فجر کی نماز تک پڑھتا رہے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ امتحان میں کامیابی نصیب ہو گی طالب علموں کے لیے یہ عمل نہایت مفید ہے۔

# بڑی بیماری سے حفاظت کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ پروردگار عالم اُسے کسی بڑی بیماری میں مبتلا نہ کرے اور کوئی ناگہانی آفت اس پر نازل نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص اور اکتالیس مرتبہ یَا صَمَدُ پڑھ لیا کرے اس کا معمول بنا لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ کوئی بڑا مرض اس پر حملہ آور نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا جادو بھی اس پر اثر نہ سکے گا۔ باوضو حالت میں توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے اور یقین کامل سے پڑھے۔

# تسخیر خلائق کیلئے

تسخیر خلائق کے لیے سورۂ اخلاص کا یہ عمل نہایت مجرب آزمودہ ہے سورۂ اخلاص میں تسخیر کے خواص بہت زیادہ ہیں اس مقصد کے لیے عامل کو چاہیے کہ وہ ہر چھوٹے بڑے گناہ سے پرہیز کرے رزقِ حلال کما کر کھائے حرام سے پرہیز کرے نمازِ پنجگانہ باجماعت کا پابند ہو کسی بھی غیر شرعی حرکات و افعال کا ارتکاب نہ کرتا ہو چاند کے مہینے کی پہلی سوموار سے عمل کا آغاز کرے نماز عصر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر جس جگہ



پر نماز عصر ادا کی ہے اوّل و آخر تین مرتبہ درودِ تاج پڑھے اور یہ کلمات مبارکہ بکثرت پڑھنا شروع کرے اَلْمُحْیِیْ الْمُمِیْتُ الْقَابِضُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الشَّانِیُ الْبَرُّ الْاَوَّلُ الْاَحَدُ اللّٰهُ الصَّمَدُ الْقُدُّوْسُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ مغرب کی اذان تک پڑھتا رہے اور اس دوران کسی سے کلام نہ کرے مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے اسی طرح ایک چلہ مکمل کرے پھر دوسرا چلہ پورا کرے اس کے بعد تیسرا چلہ ادا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ہوگی پروردگارِ عالم فضل و کرم سے نوازے گا۔

# لاعلاج مرض سے شفاء

ایسا مرض جو کسی بھی علاج سے دُور نہ ہوتا ہو ڈاکٹر اور حکیم ہر دوائی استعمال کر چکے ہوں مگر مریض شفایاب نہ ہوتا ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں نماز فجر کے بعد سرسوں کے تیل کی ایک بوتل اپنے سامنے رکھ کر بکثرت سورۂ اخلاص پڑھے اور اشراق کے وقت تک پڑھتا رہے پھر دو رکعت نفل نماز اشراق اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون پڑھے اور نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورۂ کافرون ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر

تیل پر دم کرے اور پروردگار عالم سے دُعا مانگے اس دم کیے ہوئے تیل کو محفوظ کر کے رکھ لے جب بھی کبھی کوئی ایسا مریض آئے جو علاج کروا کروا کر تنگ آ گیا ہو یا کسی کو کوئی ایسا درد یا تکلیف ہو جس میں فوری طور پر افاقہ نہ ہوتا ہو تو عامل اس بوتل میں سے تھوڑا سا تیل مریض کو دے اور ہدایت کرے کہ رات کو سونے سے قبل ایک ایک قطرہ مریض کے کان میں ڈال دیا جائے۔ اگر جسم کے کسی حصّہ میں درد ہوتا ہو تو اس تیل کی مالش کرے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض میں افاقہ ہوگا چند یوم تک بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی مگر اس کے ساتھ ساتھ وہ دوا بھی استعمال کرتا رہے جو مرض کے خاتمے کی غرض سے استعمال کر رہا تھا انشاء اللہ تعالیٰ دوا اثر کرے گی۔ اگر کوئی رات کو سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو یا آسیب کا خطرہ محسوس ہوتا ہو تو اس کے کان میں بھی ایک قطرہ رات کو سونے سے قبل ڈال دیا جائے تو وہ بھی امن و سکون سے رہے گا اور نیند کی حالت میں ہرگز نہ ڈرے گا۔

## شہرت و مرتبہ کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے



اُسے بلند مرتبہ حاصل ہو جائے۔ جہاں بھی جائے لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نمازِ عشاء یا نماز مغرب کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں پندرہ مرتبہ سورۂ کافرون دوسری رکعت میں پندرہ مرتبہ سورۂ ناس پڑھے پھر نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو پندرہ مرتبہ یہ پڑھے قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ تا بِغَیْرِ حِسَابٍ تک۔ اس عمل کا معمول بنا لینے سے انشاء اللہ تعالیٰ چشمِ خلائق میں مقبول و معزز ہو جائے گا اور پروردگارِ عالم اپنے فضل و کرم سے عزت و مرتبہ عطا فرمائے گا۔

## مال کی حفاظت کے لیے

اگر کسی نے اپنے گھر میں کوئی مال یا ایسی چیز رکھی ہو کہ جس کے چوری ہونے کا خطرہ ہو یا ضائع ہو جانے کا ڈر ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں بارہ کنکریاں لے کر ان کو دھو کر پاک صاف کرے اور ہر کنکری پر بارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے اور مال میں رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ مال محفوظ رہے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ ہوگا۔

# نقش سورۂ اخلاص کے فوائد

ذیل میں دیئے ہوئے سورۂ اخلاص کے نقش مُبارک کے بہت زیادہ فوائد ہیں وہاں پر ان میں سے پچیس فوائد تجربہ سے ثابت ہیں ان مجرب و آزمودہ فوائد کو ذیل میں اس لیے لکھ دیا گیا ہے تاکہ جو کوئی سورۂ اخلاص کے نقش سے اپنے مطلب و مقصد کا فائدہ حاصل کرنا چاہتا ہے بخوبی طور پر حاصل کر سکے اس کے لیے لازم ہے کہ خلوص نیت، یقین کامل اور توجہ و یکسوئی سے نقش مُبارک لکھا جائے پروردگارِ عالم یقیناً مطلوبہ مقصد میں کامیابی عطا فرماتا ہے اگر کوئی بیمار ہے تو اُسے اپنے فضل و کرم سے شفائے کاملہ نصیب فرماتا ہے یعنی جس بھی جائز مقصد کی خاطر سورۂ اخلاص کے نقش سے فائدہ اٹھانا چاہے تو اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے ضرور فائدہ پہنچاتا ہے۔

نقش مبارک صفحہ ۱۳۵ پر ہے۔



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قل | هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد |
| هو | الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم |
| الله | احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد |
| احد | الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم |
| الله | الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن |
| الصمد | لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | لهٗ |
| لم | یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفواً |
| یلد | ولم | یولد | ولم | یکن | له | کفواً | احد |

سورۂ اخلاص کے نقش مبارک کے پچیس فوائد یہ ہیں۔

۱۔ پیٹ کے امراض خاص طور پر پیٹ درد کے لیے جو کوئی چشمے یا دریا کے پانی سے دھو کر مریض کو پلائے اُسے شفائے کاملہ حاصل ہو۔

۲۔ اگر کوئی گھر سے غائب ہوگیا اور اُس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو تو اس نقش کے نیچے غائب اور اُس کی والدہ کا نام یعنی فلاں بن فلاں حاضر شد لکھے اور مسجد کی دیوار میں

اس طرح سے دفن کرے کہ نظر نہ آئے انشاء اللہ تعالیٰ غائب جلد واپس آئے گا۔

۳۔ بخار کے مریض کو یہ نقش اُس کے دائیں بازو پر باندھے بفضلِ باری تعالیٰ صحت کاملہ ہوگی۔

۴۔ دیوانگی اور جنون کی حالت کو دُور کرنے کی غرض سے دیوانہ کے بازو پر باندھنے سے دیوانہ پن ختم ہو جاتا ہے۔

۵۔ جس کو آسیب کا اثر ہو یہ نقش لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔

۶۔ شدید سر درد ہونے کی صورت میں مریض کے سَر میں باندھنے سے سر درد رفع ہو جاتا ہے۔

۷۔ اگر کسی کی چوری ہو گئی ہو اور چور کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو تو یہ نقش مبارک باوضو حالت میں لکھ کر اپنے مطلوبہ مقصد کی نیت کے ساتھ قرآن پاک میں رکھے تو اُسے خواب میں چور کی شکل نظر آجائے۔

۸۔ اگر کسی کی کوئی ایسی جائز حاجت ہو جو پُوری نہ ہوتی ہو تو روزانہ چالیس نقش لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈالے چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے بفضلِ باری تعالیٰ جو بھی جائز حاجت ہو پوری ہو۔

۹۔ ظالم دشمن کو مغلوب کرنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے



رہنے کے لیے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے دشمن مغلوب ہو جائے گا۔

۱۰۔ میاں بیوی میں کوئی ایک اپنے ساتھی سے نفرت کرتا ہو اور پسند نہ کرتا ہو تو نیک ساعت میں نقش مبارک لکھ کر شیرینی میں گھول کر اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دم کر کے دونوں میں سے ایک کو کھلا دے یا پلائے جس کے دل میں نفرت ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل سے نفرت ختم ہو جائے گی اور محبت پیدا ہو جائے گی حتیٰ کہ وہ ایک لمحہ کی جدائی بھی گوارا نہ کرے گا۔

۱۱۔ اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہو یا وہ بہت ہی کم بولتا ہو کہ اس پر گونگے ہونے کا گمان ہوتا ہو یہ نقش لکھ کر کسی چیز میں گھول کر بچے کو پلانے سے بچہ کی زبان درست ہو جاتی ہے اور وہ خوب باتیں کرنے لگتا ہے۔

۱۲۔ جسم کے کسی بھی حصّہ میں ہونے والے درد کو رفع کرنے کی غرض سے اس نقش کو دیکھے انشاء اللہ تعالیٰ فوری افاقہ ہو گا۔

۱۳۔ جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق حلال میں خیر و برکت پیدا ہو کبھی رزق میں کمی نہ آئے تو وہ یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے اور روزانہ نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کا معمول بنائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ ہوگی اور رزق حلال میں خوب اضافہ ہوگا۔

۱۴۔ اگر کوئی میدان جنگ میں کفار کے مقابلے پر جائے تو یہ نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب۔ کامران ہو کر واپس آئے اور جان کی حفاظت رہے۔

۱۵۔ اس نقش کو اپنے گلے میں تعویز کی طرح پہن کر اگر دشمن کے سامنے جائے تو وہ کوئی نقصان نہ پہنچائے اور دوستی کی طرف مائل ہو۔

۱۶۔ یہ نقش مبارک باوضو حالت میں لکھ کر مردہ کے کفن میں اس کے سینے پر رکھے تو بفضل باری تعالیٰ مرنے والا قبر کے عذاب سے محفوظ رہے۔

۱۷۔ جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں معزز و مکرم ہو جائے تو وہ یہ نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھ رکھے انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

۱۸۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر شیرینی میں ملا کر اپنی بیوی کو کھلائے تو بفضل باری تعالیٰ اس کی بیوی کا قلبی رجحان کسی اور کی طرف ہرگز نہ ہو اور وہ اپنے خاوند کی مطیع اور فرمانبردار ہو جائے۔

۱۹۔ جو کوئی یہ چاہے کہ مرتے وقت اس دنیا سے ایمان کی سلامتی کے ساتھ جائے تو وہ یہ شخص لکھ کر اپنے پاس رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ مرتے دم تک صاحب ایمان رہے گا، اور اپنا ایمان سلامت لے کر دنیا سے رخصت ہوگا۔

۲۰۔ اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے کسی طرح کا کوئی راز چھپاتی ہو اور نہ بتاتی ہو تو یہ نقش لکھ کر سوئی ہوئی عورت کے سینہ پر رکھے تو جو کچھ اس کے قلب میں ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ وہ بیان کر دے گی۔

۲۱۔ جو کوئی یہ چاہے کہ وہ شر شیطان سے محفوظ رہے تو دریا کے پانی سے دھو کر پی لے۔



انشاء اللہ تعالیٰ شر شیطان سے بچا رہے گا، پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

۲۲۔ جو کوئی یہ چاہے کہ وہ کسی مصیبت و آفت میں مبتلا نہ ہو تو وہ ہرن کی کھال پر لکھ کر یہ نقش اپنے پاس رکھے بفضل باری تعالیٰ کسی بھی مصیبت میں گرفتار نہ ہوگا، ہر مشکل اس کے لیے آسان ہو جائے گی۔

۲۳۔ اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی نافرمان ہو خاوند کے ساتھ بلاوجہ جھگڑتی رہتی ہو تو یہ نقش مبارک لکھ کر عورت کے گلے میں ڈالے یا اس کے بازو پر باندھے تو عورت اپنے خاوند کی فرمانبردار ہو جائے گی اور اس کی مطیع ہوگی۔

۲۴۔ جو کوئی یہ چاہے کہ تمام عالم علوی و سفلی اس کے تابع فرمان اور مطیع ہو جائیں تو وہ اس مقصد کی نیت کے ساتھ یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

۲۵۔ رسان کو دور کرنے کی غرض سے جمعہ کے روز باوضو حالت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے بفضل باری تعالیٰ صحت یابی ہوگی، اور رسان دفع ہوگا۔

## علم کیمیا کا حصول

جو کوئی علم کیمیا کی حصول کا خواہاں ہو اس معاملے میں خوب کوشش وجد وجہد کر رہا ہے ذوق اور شوق کے ساتھ علم کی جستجو میں ہو تو اسے

چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں یہ نقش مبارک لکھے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲۱۳ | ۵ |
| ۲۱۲ | ۶ | ۳ | ۱۰ |
| ۱ | ۱۲ | ۲۱۰ | ۸ |
| ۲۱۱ | ۷ | ۲ | ۱۱ |

لکھنے کے بعد اپنے دائیں بازو پر باندھے اور پانچ یوم تک روزانہ باوضو حالت میں سات ہزار مرتبہ اللہ الصمد پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے پروردگار عالم کے فضل وکرم سے غیب سے اس کو کیمیا کے بارے میں تعلیم دی جائے گی پانچ یوم کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کا معمول بنائے۔

## ہر کام میں برکت

اگر کوئی ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کا معمول بنائے تو وہ جس بھی نیک کام میں ہاتھ ڈالے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس میں کامیابی نصیب ہو جو بھی کاروبار کرے تو بفضل باری تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہو سورہ اخلاص میں موجود پروردگار عالم کے اسمائے حسنہ اللہ الصمد کا بکثرت ذکر کرتے رہنے سے بھوک پیاس تنگ نہیں کرتی اللہ تعالیٰ صبر کی دولت عطا فرماتا ہے۔ اور جسمانی قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔



## نظر بد کا علاج

اگر کوئی بری نظر کا شکار ہو گیا ہو تو اس کا علاج حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ باوضو حالت میں تین گز دھاگہ یا تین گز کپڑا سفید جو کہ پاک صاف ہوئے کر مریض کے قریب رکھ دیں اور سفید کاغذ پر سات مرتبہ یہ عزیمت لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰہِ ٥ وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰہِ ٥ وَلَا بَلَاغَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔

اس کے بعد ایک مرتبہ سورہ فاتحہ۔ ایک مرتبہ سورہ کافرون، سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ ناس پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو آرام آجائے گا نظر اتر جائے گی۔

## مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی پر جھوٹا مقدمہ بنا دیا گیا ہو اور اس کو اس مقدمے میں اس طرح سے ملوث کر دیا گیا ہو کہ بریت کی کوئی صورت نہ دکھائی دیتی ہو تو مقدمہ سے چھٹکارا حاصل کرنے اور باعزت طور پر بری ہونے کی غرض سے چاہیے کہ یکشنبہ کے دن غسل کر کے نماز ظہر باجماعت ادا کرنے کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ اخلاص پڑھے نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اپنی حاجت کو ایک سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے سامنے رکھے اور اکتالیس بار

یہ کہے، وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔
پھر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ سورہ انعام پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یکشنبہ کے دن سے شروع کرے اور سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ بفضل باری تعالیٰ جھوٹے مقدمے سے خلاصی پائے گا۔

## آسیب سے حفاظت

آسیب سے حفاظت اور اپنا احصار کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں روزانہ نماز عشاء کے بعد تین بار آیۃ الکرسی۔ تین بار سورہ کافرون، تین بار سورہ اخلاص، تین بار سورہ فلق اور تین بار سورہ ناس پڑھ کر اکتالیس مرتبہ یَا حَفِیْظُ
تَحَفَّظْتُ بِالْحَفِیْظِ وَاحْفَظْ فِیْ حِفْظِکَ یَا حَفِیْظُ
پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرنے کے بعد تمام جسم پر پھیرے بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کے آسیب سے محفوظ رہے گا پروردگار عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## شر شیطان سے بچاؤ کیلیے

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے جو کوئی محرم الحرام کی پہلی تاریخ کو نماز ظہر کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورہ اخلاص پڑھے پھر جب نماز مکمل کر کے



سلام پھیرے تو تین مرتبہ یہ دعا مانگے، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ الْاَبَدُ الْقَدِيْمُ وَهٰذِهٖ سُنَّةٌ جَدِيْدَةٌ اَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْعَوْنَ عَلَى النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَاسْئَلُكَ الْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْٓ اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ سارا سال شر شیطان سے محفوظ رہے گا، اللہ تعالیٰ نیکی اور اچھائی کرنے کی توفیق مرحمت فرمائے گا۔

## آفات وبلیات سے حفاظت

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ ہر طرح کی آفات وبلیات سے محفوظ رہے تو وہ صفر کے مہینے کی پہلی تاریخ کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون پندرہ مرتبہ پڑھے دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ فلق پڑھے اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ مرتبہ سورہ ناس پڑھے پھر جب نماز مکمل کر کے سلام پھیرے تو ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس کے بعد عشاء کے وتر اور نفل پڑھے بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کی دنیاوی آفات ومصائب سے محفوظ رہے گا۔

## امراض میں شفا کے لیے

جو کوئی کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو کہ علاج کروا کر تنگ آ گیا ہو مگر صحت نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ رجب المرجب کے مہینے کی پہلی شب کو نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پانچ پانچ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے نماز مکمل کرنے کے بعد اسی جگہ پر قبلہ رخ ہو کر بیٹھے اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ جو بھی بیماری ہوگی اس میں افاقہ ہوگا پروردگارِ عالم شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## جان و مال کی حفاظت

اگر کوئی کسی ایسی جگہ پر رہتا ہو کہ جہاں پر اسے جان و مال کا شدید خطرہ ہو کسی ظالم کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کا ڈر ہو تو وہ اس کے گھر والے ہر ماہ چاند کی ستائیسویں شب کو نمازِ عشاء کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں پروردگارِ عالم اپنی حفظ و امان میں رکھے گا کوئی بھی ظالم کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ ان کی عزت و آبرو اور جان و مال کی حفاظت فرمائے گا۔



## رزق میں اضافہ کے لیے

اگر کسی کا کاروبار چلتا ہوا رک گیا ہو سخت مندے کا شکار ہو گیا ہو رزق میں کمی واقع ہو گئی ہو تو وہ ہر ماہ چاند کے مہینے کی پندرہویں شب کو دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس عمل کا معمول بنا لینے سے بفضلِ باری تعالیٰ رزق میں کمی نہ رہے گی اللہ تعالیٰ رزق حلال میں زیادتی اور برکت پیدا فرمائے گا،

## ادائیگی قرض کے لیے

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض ادا کرنے کی سکت نہ رکھتا ہو اور قرض خواہ بہت زیادہ تنگ اور پریشان کرتے ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ نمازِ عشاء کے بعد روزانہ اس طرح دو رکعت نفل نماز ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے بعد سلام کے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر ایک ہزار مرتبہ یہ دعا مانگے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَآءِ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت جلد قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے جب تک قرض کی ادائیگی کا کوئی سبب نہ نکلے اسوقت تک روزانہ بلاناغہ اس طرح سے نماز

پڑھتا رہے بفضل باری تعالیٰ بہت جلد قرض سے خلاصی ہو جائے گی۔

## سفر میں حفاظت رہے

سفر میں جانے والے مسافر کو چاہیے کہ وہ روانہ ہونے سے قبل دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اکیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس کے بعد اپنے گھر سے روانہ ہو جائے۔ اس کا سفر انشاءاللہ بخیر و عافیت طے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اسے سفر کی مشکلات و مصیبتوں سے محفوظ رکھے گا کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا، اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والے بھی امن و امان میں رہیں گے، اللہ تعالیٰ اپنی حفظِ و امان میں رکھے گا۔ مسافر جب گھر واپس آئے تو اسی طرح دو رکعت نفل نماز ادا کرے اور پھر دعا مانگتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے کہ اس کا سفر بخیر و عافیت طے ہوا اور وہ بحفاظت و سلامت گھر واپس آگیا۔

## مشکل حل ہو جائے

ہر طرح کی سختی و مشکل میں چاہیے کہ دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے پھر بعد سلام



کے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پاک بھیجے اس کے بعد حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے وسیلہ جمیلہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں اپنی مشکل کے حل کے لیے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہو گی وہ حل ہو جائیگی۔

## کبھی گرفتار نہ ہو

اگر کوئی کسی ظالم حکمران کی طرف سے نقصان پہنچائے جانے کے ڈر سے روپوش ہو گیا ہو اور حکومت کے کارندے اسے گرفتار کرنے کی غرض سے ہمہ وقت اس کی تلاش میں ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر کے بعد یا نصف شب کو نماز تہجد کے وقت با وضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر ایک سو پندرہ مرتبہ اللہ الصمد پڑھے اس وظیفہ کی مداومت کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ کبھی ظالم کے ہاتھوں میں گرفتار نہ ہوگا اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا کوئی ظالم حاکم یا اس کے کارندے اسے گرفتار کرنے کی جرات نہ کریں گے۔

## اولاد نرینہ کے لیے

جو کوئی اولادِ نرینہ کی خواہش رکھتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص کی آیت مبارکہ قل ہو اللہ احد پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے جب تک مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو روزانہ ہر نماز کے بعد اس طرح کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد اولادِ نرینہ کی خواہش پوری ہوگی۔

## چشمِ خلائق میں مقبول ہو

چشمِ خلائق میں مقبول و معزز ہونے کی غرض سے جو کوئی ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک ہزار مرتبہ یا احد پڑھنے کا معمول بنائے تو بفضلِ باری تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں بہت جلد کامیابی ہوگی تمام خلق اس کی معتقد ہوگی، اور سب اس کی اطاعت کریں گے جہاں بھی جائے گا لوگوں کے دلوں میں اپنے لیے محبت اور عزت پائے گا۔ ہر کوئی خوش اخلاقی پیار اور محبت سے پیش آئے گا بہت جلد چشمِ خلائق میں مقبول و معزز ہوگا۔

## موذی جانوروں سے محفوظ رہے

جنگل یا کسی ایسے علاقے میں جہاں پر کہ موذی جانوروں کے حملے کا ڈر ہو وہاں پر گزرنے کے لیے یا اس علاقہ میں رہنا مقصود ہو تو ایسی خطرناک جگہ سے گزرتے ہوئے بکثرت سورہ اخلاص پڑھتا ہوا گزرے اگر وہاں پر قیام کرنا ضروری ہو تو ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک سو گیارہ مرتبہ یا صمد پڑھنے کا معمول بنائے بفضلِ باری تعالیٰ کوئی بھی موذی جانور نقصان نہ پہنچائے گا اگر مقابل بھی آجائے گا تو خاموشی سے گزر جائے گا۔



## بیماری میں شفا کے لیے

جو کوئی کسی ایسے مرض مثلاً ٹی بی یا کینسر میں مبتلا ہو مرض میں افاقہ نہ ہوتا ہو بستر پر لیٹے لیٹے تنگ آگیا ہو کسی بھی دوا سے کوئی اثر نہ ہوتا ہو تو اس کے کسی قریبی عزیز یا ہمدرد کو چاہیے کہ وہ نماز ظہر، مغرب یا نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز مرض کے سلب کرنے کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ ناس پڑھے پھر جب سلام پھیرے تو تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور یہ آیت مبارکہ پڑھے اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔ اس کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں نہایت عجز و انکساری سے مریض کی صحت کے لیے دعا مانگے سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ جس بھی مریض کے لیے یہ عمل کرے گا اسے شفائے کاملہ نصیب ہوگی پروردگارِ عالم اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اور اسے بیماری سے صحت عطا فرمائے گا۔

## فراخیٔ رزق کے لیے

جو کوئی یہ چاہے کہ پروردگارِ عالم اس کے رزق میں فراخی عطا فرمائے اسے رزق کی کمی نہ رہے جو بھی کاروبار رزقِ حلال کے لیے کر رہا ہے وہ خوب چلے تو اسے چاہیے کہ وہ روزانہ مغرب کے بعد بارہ رکعت نفل نماز دو دو

رکعت کر کے ترقی رزق کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور نماز مکمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی روزی میں اضافہ کے لیے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے رزق حلال میں خوب ترقی ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔

## پریشانی سے نجات

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اسے زندگی میں کبھی کوئی ایسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے کہ جو اس کو دور کرنا مشکل ہو جائے تو اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں یہ نقش مبارک عرق گلاب، مشک اور زعفران سے لکھے اور اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴۴ | ۴۹ | ۴۱ |
| ۴۲ | ۴۵ | ۴۷ |
| ۴۸ | ۴۰ | ۴۶ |

اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے کا معمول بنائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی زندگی بڑی پرسکون اور عزت سے گزرے گی کوئی بھی بڑی پریشانی اور مشکل اسے پیش نہ آئے گی اگر کبھی کوئی پریشانی کا سامنا ہو بھی جائے تو وہ جلد دور ہو جائے گی، ہر طرح کی پریشانی دور کرنے کے لیے یہ عمل نہایت فائدہ مند ہے۔



## بخار کا علاج

تیز بخار جو کم نہ ہوتا ہو دوائی کھانے کے باوجود کوئی افاقہ نہ ہوتا ہو تو باوضو حالت میں نماز ظہر کے بعد کچے سوت کے سات تارے کران کو ہاتھ میں پکڑے اور یہ کہے، بستم وتفل کردم تپ فلاں (یعنی مریض کا نام بولے) بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اس کے بعد چاروں قل شریف پڑھ کر ایک گرہ لگا دے اسی طرح چاروں قل شریف چودہ مرتبہ پڑھتے ہوئے دھاگہ میں چودہ گرہ لگائے اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور شفائے کاملہ حاصل ہوگی۔

## شفاعت حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ پروردگار عالم اس کی اور اس کے گھر والوں کی قیامت کے دن شفاعت فرمائے اور گناہوں کی معافی عطا فرمائے تو وہ محرم الحرام کی پہلی شب کو نماز عشاء کے بعد آٹھ رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور پھر اس کا معمول بنائے انشاء اللہ تعالیٰ روز قیامت اس کو اور اس کے گھر والوں کو شفاعت نصیب ہوگی۔